خَيْرُكُمْ
مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ
(Bukhari)
The Prophet (SAW) said, "The best among you (Muslims) are those who learn the Qur'an and teach it."

# ONLINE QURAN LEARNING ACADEMY

خَيْرُكُمْ
مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ
(Bukhari)
The Prophet (SAW) said, "The best among you (Muslims) are those who learn the Qur'an and teach it."

*Under the supervision of*

**Hafiz-wa-Qari Mohammad Raza**, Fazil Jamia Nizamia

**Free Trail Class For Two Days**

**Prepaid Syllabus will be provided by us**



- With affordable fee
- Flexible timings (anywhere and anytime)

**Courses Offered:**

- Hiffz -e- Quran
- Tajweed
- Noorani qayeda
- Urdu lanuage
- Daily Prayers and Hadiths
- Basic Beliefs and Issues
- Funeral Prayer & Weekly spiritual gatherings.
- Arabic spoken with Quran understanding

**HURRY UP!!**

**LIMITED SEATS AVAILABLE**

**on the basis of first come first serve.**

Registration Details +91 9346516150 Course Details +91 9000257025

# 3 - Aqaaid, Masaail (Aqaaid)

# ۳- عقائد، مسائل (عقائد)

## Sabaq 1

## سبق ۱

### Kalima -e- Tayyibah

### کلمۂ طیّبہ

**Laa ilaaha illallaahu Muḥammadur rasoolullaah**

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ

**Tarjamah:** Allaah ke siwa koi mabood naheen, Muhammad ﷺ Allaah ke Rasool hain.

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔

| دستخط معلم | تاریخ | پہلے مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|
| | | |

## Sabaq 2

## سبق ۲

### Kalima -e- Shahaadat

### کلمۂ شہادت

**Ash-hadu allaa ilaaha illallaahu wa ash-hadu anna Muḥammadan 'Abduhoo wa rasooluh**

أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُولُهٗ

**Tarjamah:** Main gawaahi deti hoon ke Allaah ke siwa koi mabood naheen aur main gawaahi deti hoon ke (Hazrat) Muhammad ﷺ Allaah ke bande aur Us ke Rasool hain.

ترجمہ: میں گواہی دیتی ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتی ہوں کہ (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے بندہ اور اُس کے رسول ہیں۔

| دستخط معلم | تاریخ | پہلے مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|
| | | |

# 3 - Aqaaid, Masaail (Aqaaid)

# ۳- عقائد، مسائل (عقائد)

## Sabaq 3

## سبق ۳

### Kalima-e-Tamjeed

### کلمۂ تمجید

**Subḥaanallaahi walḥamdu lillaahi walaa ilaaha illallaahu wallaahu akbar walaa ḥawla walaa quwwata illaa billaahil 'aliyyil'aẕeem** [Tirmizi]

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ [ترمذی]

**Tarjamah:** Allaah paak hai aur tamaam taareefein Allaah ke liye hain aur Allaah ke siwa koi ma'abood naheen aur Allaah sab se bada hai, gunaahon se bachne ki taaqat aur nek kaam karne ki quwwat Allaah hi ki tarafse hai jo bahot buland,azmat waala hai.

ترجمہ : اللہ پاک ہے اور تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے، گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے جو بہت بلند، عظمت والا ہے۔

| دستخط معلم | تاریخ | دوسرے مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|

## Sabaq 4

## سبق ۴

### Kalima-e-Tauḥeed

### کلمۂ توحید

**La ilaaha illallaahu waḥdahu laa shareeka lahoo, lahul mulku walahul ḥamdu, yuḥyee wa yumeetu biyadihil khair, wahuwa 'alaa kulli shai in qadeer** [Muslim]

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ [مسلم]

# 3 - Aqaaid, Masaail
## (Aqaaid)

# ۳- عقائد، مسائل
## (عقائد)

**Tarjamah :** Allaah ke siwa koi ma'abood naheen, woh akela hai, Us ka koi shareek naheen, Usi ke liye baadshaahat hai aur Usi ke liye ta'areef hai, Woh zinda karta hai aur maut deta hai, Usi ke qabza -e- qudrat mein tamaam bhalaai hai aur Woh har cheez par qaadir hai.

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہت ہے اور اسی کے لیے تعریف ہے، وہ زندہ کرتا ہے اور موت دیتا ہے، اسی کے قبضۂ قدرت میں تمام بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

| دستخط معلم | تاریخ | تیسرے مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|

## Sabaq 5

## سبق ۵

### Kalima-e-Istighfaar

### کلمۂ استغفار

**Allaahumma innee a'oozubika min an ushrika bika shai'aunw wa ana a'alamu, wa astaghfiruka limaa laa a'alamu** [Musnad-e-Ahmed]

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنْ أَنْ أُشْرِكَ بِكَ شَيْأً وَّأَنَا أَعْلَمُ وَأَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا أَعْلَمُ [مسند احمد]

**Tarjamah :** Aye Allaah ! main Teri panaah chaahta hoon is baat se ke main tere saath kisi ko shareek karoon, is haal mein ke main us ko jaanta hoon aur aise gunaah se bhi maafi chaahta hoon jis ko main Naheen jaanta.

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ میں تیرے ساتھ کسی کو شریک کروں، اس حال میں کہ میں اس کو جانتا ہوں اور ایسے گناہ سے بھی معافی چاہتا ہوں جس کو میں نہیں جانتا۔

| دستخط معلم | تاریخ | چوتھے مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|

# 3 - Aqaaid, Masaail

# ۳- عقائد، مسائل

(Aqaaid)

(عقائد)

## Sabaq 6

## سبق ٦

### Imaan-e-Mujmal

### ایمانِ مجمل

**Aamantu billaahi kamaa huwa bi asmaa'ihee wa ṣifaatihee wa qabiltu jami'a ahkaamih**

**اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِأَسْمَائِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَقَبِلْتُ جَمِيْعَ أَحْكَامِهٖ**

**Tarjamah :** Main Imaan laaya Allaah par jaisa ke Woh apne naamon aur sifaton ke saath hai aur main ne Us ke tamaam ahkaam qubool kiye.

ترجمہ: میں ایمان لایا اللہ پر جیسا کہ وہ اپنے ناموں اور صفتوں کے ساتھ ہے اور میں نے اس کے تمام احکام قبول کیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پانچویں مہینہ میں پڑھائیں | | تاریخ | | دستخط معلم | |

## Sabaq 7

## سبق ۷

### Imaan-e-Mufassal

### ایمانِ مفصّل

**Aamantu billaahi wa malaaikatihee wa kutubihee wa rusulihee walyawmil aakhiri walqadri khairihee wa sharrihee minallaahi ta'aalaa walba'aṣi ba'adal maut**

**اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلٰئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ**

**Tarjamah :** Main Imaan laaya Allaah par aur Us ke Farishton par, aur Us ki Kitaabon par, aur Us ke Rasoolon par, aur qayaamat ke din par, aur is baat par ke achchhi buri taqdeer Allaah ta'ala ki taraf se hoti hai aur maut ke baad uthaaye jaane par.

ترجمہ: میں ایمان لایا اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر، اور اس کی کتابوں پر، اور اس کے رسولوں پر، اور قیامت کے دن پر، اور اس بات پر کہ اچھی بری تقدیر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتی ہے اور موت کے بعد اٹھائے جانے پر۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| چھٹے مہینہ میں پڑھائیں | | تاریخ | | دستخط معلم | |

# 2- Hadees

(Dua, Sunnat)

# ۲- حدیث

(دُعا، سنّت)

## Sabaq 1

### Khaane se pehle ki Du'a

**Bismillaah** [Bukhaari]

**Tarjamah:** Main Allaah ke naam se khaana shuroo karta hoon.

## سبق ۱

### کھانے سے پہلے کی دُعا

بِسۡمِ اللّٰهِ [بخاری]

ترجمہ: میں اللہ کے نام سے کھانا شروع کرتا ہوں۔

## Sabaq 2

### Shuroo mein Du'a padhna bhool jaaye to ye Du'a padhe

**Bismillaahi awwalahoo wa aakhirah** [Abu Daawood]

**Tarjamah:** Shuroo aur aakhir mein Allaah ka naam le kar khaata hoon.

## سبق ۲

### شروع میں دُعا پڑھنا بھول جائے تو یہ دُعا پڑھے

بِسۡمِ اللّٰهِ أَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ [ابوداؤد]

ترجمہ: شروع اور آخر میں اللہ کا نام لے کر کھاتا ہوں۔

## Sabaq 3

### Khaane ke ba'ad ki Du'a

**Alḥamdu lillaahillazee aṭ'amanaa wa saqaanaa wa ja'alanaa Muslimeen** [Tirmizi]

**Tarjamah :** Tamaam Taareefein Allaah ke liye hain jis ne hamein khilaaya pailaaya aur Musalmaan banaaya.

## سبق ۳

### کھانے کے بعد کی دُعا

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِیۡ أَطۡعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسۡلِمِیۡنَ [ترمذی]

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمیں کھلایا پلایا اور مسلمان بنایا۔

| دستخط معلم | تاریخ | پہلے مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|
| | | |

# 2- Hadees
(Dua, Sunnat)

# ۲- حدیث
(دُعا، سنّت)

## Sabaq 4

## سبق ۴

### Khaane ki Sunnatein

### کھانے کی سنّتیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1) Dastarkhwaan bichhaana | [Bukhaari] | [بخاری] | ۱) دسترخوان بچھانا۔ |
| 2) Donon haath gatton tak dhona aur na ponchhna. | [Tirmizi] | [ترمذی] | ۲) دونوں ہاتھ گٹوں تک دھونا اور نہ پونچھنا۔ |
| 3) Khaane se pehle ki Du'a padhna. | [Bukhaari] | [بخاری] | ۳) کھانے سے پہلے کی دعا پڑھنا۔ |
| 4) Sunnat tareeqe ke mutaabiq ek zaanu ya do zaanu baithna. | [Zaadulma'aad] | [زادالمعاد] | ۴) سنت طریقہ کے مطابق، ایک زانو یا دوزانو بیٹھنا۔ |
| 5) Daayein haath se khaana. | [Bukhaari] | [بخاری] | ۵) دائیں ہاتھ سے کھانا۔ |
| 6) Apne Saamne se khaana | [Bukhaari] | [بخاری] | ۶) اپنے سامنے سے کھانا۔ |
| 7) Teen ungliyon se khaana. | [Muslim] | [مسلم] | ۷) تین انگلیوں سے کھانا۔ |
| 8) Agar luqma haath se gir jaaye to utha kar kha lena. | [Tirmizi] | [ترمذی] | ۸) اگر لقمہ ہاتھ سے گر جائے تو اٹھا کر کھالینا۔ |
| 9) Tek laga kar na khaana. | [Tirmizi] | [ترمذی] | ۹) ٹیک لگا کر نہ کھانا۔ |
| 10) Bartan aur ungliyon ko chaat kar saaf karna. | [Bukhaari] | [بخاری] | ۱۰) برتن اور انگلیوں کو چاٹ کر صاف کرنا۔ |
| 11) Khaane mein aib na nikaalna. | [Bukhaari] | [بخاری] | ۱۱) کھانے میں عیب نہ نکالنا۔ |
| 12) Bahot ziyaadah garm na khaana. | [Muslim] | [مسلم] | ۱۲) بہت زیادہ گرم نہ کھانا۔ |
| 13) Khaane ke baad ki du'a padhna. | [Tirmizi] | [ترمذی] | ۱۳) کھانے کے بعد کی دعا پڑھنا۔ |
| 14) Khaane ke baad haath dhona aur kulli karna. | [Bukhaari] | [بخاری] | ۱۴) کھانے کے بعد ہاتھ دھونا اور کلی کرنا۔ |

| دستخط معلم | تاریخ | پہلے مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|

# 2- Hadees
(Dua, Sunnat)

# ۲- حدیث
(دُعاء سنّت)

## Sabaq 5

## سبق ۵

### Paani peene ke ba'ad ki Du'a

### پانی پینے کے بعد کی دُعا

**Alhamdu lillaahillazee saqaanaa 'azban furaatam birahmatihee walam yaj'alhu milhan ujaajam bizunoobinaa** [Kanzul ummaal]

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ سَقَانَا عَذْبًا فُرَاتًا بِرَحْمَتِهٖ وَلَمْ یَجْعَلْهُ مِلْحًا اُجَاجًا بِذُنُوْبِنَا [کنزالعمال]

**Tarjamah:** Tamaam taareefein Allaah ke liye hain jis ne hamein apni rahmat se meetha paani pilaaya aur us ko hamaare gunaahon ki wajah se khaara aur kadwa naheen banaaya.

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمیں اپنی رحمت سے میٹھا پانی پلایا اور اس کو ہمارے گناہوں کی وجہ سے کھارا اور کڑوا نہیں بنایا۔

| دستخط معلم | تاریخ | دوسرے مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|

## Sabaq 6

## سبق ۶

### Doodh peene ki Du'a

### دودھ پینے کی دُعا

**Allaahumma baarik lanaa feehi wa zidnaa minh** [Tirmizi]

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ [ترمذی]

**Tarjamah:** Aye Allaah ! is mein hamaare liye barkat ata farma aur hamein ziyaadah ata farma.

ترجمہ: اے اللہ! اس میں ہمارے لیے برکت عطا فرما اور ہمیں زیادہ عطا فرما۔

| دستخط معلم | تاریخ | دوسرے مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|

# 2- Hadees (Dua, Sunnat) ۲- حدیث (دُعا، سنّت)

## Sabaq 7 سبق ۷

### Paani Peene ki Sunnatein پانی پینے کی سنّتیں

1) Daayein haath se peena. [Muslim] — ۱) دائیں ہاتھ سے پینا۔ [مسلم]

2) Baith kar [Tirmizi] — ۲) بیٹھ کر پینا۔ [ترمذی]

3) Dekh kar peena. [Abu Daawood] — ۳) دیکھ کر پینا۔ [ابوداؤد]

4) **"Bismillaah"** Padh kar peena. [Bukhaari] — ۴) "بِسْمِ اللهِ" پڑھ کر پینا۔ [بخاری]

5) Teen saans mein peena. [Bukhaari] — ۵) تین سانس میں پینا۔ [بخاری]

6) Paani peene ke ba'ad **"Alhamdulillaah"** Kehna. [Tirmizi] — ۶) پانی پینے کے بعد "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ" کہنا۔ [ترمذی]

| دوسرے مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

## Sabaq 8 سبق ۸

### Sone se pehle ki Du'a سونے سے پہلے کی دُعا

**Allaahumma bismika Amootu wa aḥyaa**

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوْتُ وَأَحْيَا

[Bukhaari] [بخاری]

**Tarjamah:** Aye Allaah ! main tere hi naam se marta hoon aur jeeta hoon.

ترجمہ: اے اللہ! میں تیرے ہی نام سے مرتا ہوں اور جیتا ہوں۔

| تیسرے مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

# 2- Hadees
(Dua, Sunnat)

# ۲- حدیث
(دعا،سنّت)

## Sabaq 9

## سبق ۹

### So kar uthne ki Du'a

### سو کر اُٹھنے کی دُعا

**Alḥamdu lillaahillazee aḥyaanaa Ba'ada maa amaatanaa wa ilaihin nushoor** [Bukhaari]

**اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَحْیَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَیْهِ النُّشُوْرُ** [بخاری]

**Tarjamah** : Tamaam taareefein Allaah ke liye hain jis ne hamein maut dene ke ba'ad zindagi di aur Usi ki taraf sab ko jaana hai.

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمیں موت دینے کے بعد زندگی دی اور اسی کی طرف سب کو جانا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| تیسرے مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |

## Sabaq 10

## سبق ۱۰

### Sone ki Sunnatein

### سونے کی سنّتیں

1) Isha ke ba'ad jaldi sone ki fikr karna, dunya ki baat na karna. [Bukhaari]

2) Sone se pehle kapde tabdeel karna. [Zaadul ma'aad]

3) Ba wuzu sona. [Bukhaari]

4) Teen martaba bistar jhaad kar sona. [Bukhaari]

5) Teen salaai surma lagaana. [Shamaail-e-Tirmizi]

۱) عشاء کے بعد جلدی سونے کی فکر کرنا دنیا کی بات نہ کرنا۔ [بخاری]

۲) سونے سے پہلے کپڑے تبدیل کرنا۔ [زادالمعاد]

۳) باوضو سونا۔ [بخاری]

۴) تین مرتبہ بستر جھاڑ کر سونا۔ [بخاری]

۵) تین سلائی سرمہ لگانا۔ [شمائل ترمذی]

# 2- Hadees
(Dua, Sunnat)

# ۲- حدیث
(دُعا، سنّت)

| | | | |
|---|---|---|---|
| 6) Istighfaar padhna. | [Kanzulummaal] | [کنزالعمال] | ۶) استغفار پڑھنا۔ |
| 7) Tasbeeh-e-Faatimi (**Subḥaanallaah** 33 martaba, **Alḥamdulillaah** 33 martaba, **Allaahu Akbar** 34 martaba) padhna. | [Bukhaari] | [بخاری] | ۷) تسبیح فاطمی (سُبْحَانَ اللهِ ۳۳ ر مرتبہ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۳۳ ر مرتبہ، اَللهُ أَكْبَرُ ۳۴ ر مرتبہ) پڑھنا۔ |
| 8) Teen Qul (Sura-e-Ikhlaas, Sura-e-Falaq, Sura-e-Naas) Padhna. | [Tirmizi] | [ترمذی] | ۸) تین قل (سورۂ اخلاص، سورۂ فلق، سورۂ ناس) پڑھنا۔ |
| 9) Daahni karwat let kar haath gaal ke neeche rakhna. | [Bukhaari] | [بخاری] | ۹) داہنی کروٹ لیٹ کر ہاتھ گال کے نیچے رکھنا۔ |
| 10) Pet ke bal aundha na letna. | [Ibn-e-Maajah] | [ابن ماجہ] | ۱۰) پیٹ کے بل اوندھا نہ لیٹنا۔ |
| 11) Sone ki du'a padhna. | [Bukhaari] | [بخاری] | ۱۱) سونے کی دعا پڑھنا۔ |

| | | |
|---|---|---|
| دستخط معلم | تاریخ | تیسرے مہینہ میں پڑھائیں |

## Sabaq 11 — سبق ۱۱

## So kar uthne ki Sunnatein — سو کر اُٹھنے کی سنّتیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1) Neend se uthte hi donon Haathon se chehra aur aankhon ko malna. | [Muslim] | [مسلم] | ۱) نیند سے اُٹھتے ہی دونوں ہاتھوں سے چہرہ اور آنکھوں کو ملنا۔ |
| 2) So kar uthne ki du'a padhna. | [Bukhaari] | [بخاری] | ۲) سو کر اُٹھنے کی دعا پڑھنا۔ |
| 3) Miswaak karna. | [Bukhaari] | [بخاری] | ۳) مسواک کرنا۔ |

| | | |
|---|---|---|
| دستخط معلم | تاریخ | تیسرے مہینہ میں پڑھائیں |

# 2- Hadees
(Dua, Sunnat)

# ۲- حدیث
(دُعا، سنّت)

## Sabaq 12

## سبق ۱۲

### Baitul khala jaane se pehle ki Du'a

### بیت الخلا جانے سے پہلے کی دُعا

**Bismillaahi, Allaahumma innee a'oozubika minal khubuṣi walkhabaaiṣ**

[Bukhaari]

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَعُوۡذُبِكَ مِنَ الۡخُبُثِ وَالۡخَبَائِثِ

[بخاری]

**Tarjamah:** Aye Allaah! Main naapaak jinon se teri panaah chaahta hoon, mard hon ya aurat.

ترجمہ: اے اللہ! میں ناپاک جنوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں مرد ہوں یا عورت۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| دستخط معلم | | تاریخ | | چوتھے مہینہ میں پڑھائیں | |

## Sabaq 13

## سبق ۱۳

### Baitul khala se baahar nikalne ke ba'ad ki Du'a

### بیت الخلا سے باہر نکلنے کے بعد کی دُعا

**Ghufraanaka, Alḥamdu lillaahillazi azhaba 'annil azaa wa 'aafaanee**

[Abu Daawood, Ibn-e-Maajah]

غُفۡرَانَكَ. اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِیۡ اَذۡهَبَ عَنِّی الۡاَذٰی وَعَافَانِیۡ

[ابوداؤد، ابن ماجہ]

**Tarjamah:** Aye Allaah ! Main Aap ki maghfirat chaahta hoon, tamaam taareefein Allaah ke liye hain jis ne mujh se takleef ko door kiya aur mujhe aafiyat bakhshi.

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ کی مغفرت چاہتا ہوں، تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھ سے تکلیف کو دور کیا اور مجھے عافیت بخشی۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| دستخط معلم | | تاریخ | | چوتھے مہینہ میں پڑھائیں | |

# 2- Hadees
(Dua, Sunnat)

# ۲- حدیث
(دُعاء، سنّت)

## Sabaq 14

## سبق ۱۴

### Baitulkhala ki sunnatein

### بیت الخلا کی سنّتیں

1) Sar dhaank kar jaana. [Tabqaat ibn-e-saad]

۱) سر ڈھانک کر جانا۔ [طبقات ابن سعد]

2) Joota chappal waghairah pahen kar jaana. [Tabqaat ibn-e-saad]

۲) جوتا چپل وغیرہ پہن کر جانا۔ [طبقات ابن سعد]

3) Du'a padhne ke ba'ad andar jaana. [Bukhaari]

۳) دعا پڑھنے کے بعد اندر جانا۔ [بخاری]

4) Pehle baayaan paaon andar rakhna. [Ibn-e-Maajah]

۴) پہلے بایاں پاؤں اندر رکھنا۔ [ابن ماجہ]

5) Qible ki taraf na munh karna aur na peeth karna. [Abu Daawood]

۵) قبلہ کی طرف نہ منہ کرنا اور نہ پیٹھ کرنا۔ [ابو داؤد]

6) Bilkul baat na karna. [Abu Daawood]

۶) بالکل بات نہ کرنا۔ [ابو داؤد]

7) Khade ho kar peshaab na karna. [Tirmizi]

۷) کھڑے ہو کر پیشاب نہ کرنا۔ [ترمذی]

8) Baayein haath se istinja karna. [Bukhaari]

۸) بائیں ہاتھ سے استنجا کرنا۔ [بخاری]

9) Istinje ke ba'ad mitti ya saabun waghairah se achchhi tarah haath dho lena. [Abu Daawood]

۹) استنجے کے بعد مٹی یا صابن وغیرہ سے اچھی طرح ہاتھ دھو لینا۔ [ابو داؤد]

10) Daayein paaon se baahar nikalna. [Nasai]

۱۰) دائیں پاؤں سے باہر نکلنا۔ [نسائی]

11) Baahar aane ke ba'ad Du'a padhna. [Tirmizi]

۱۱) باہر آنے کے بعد دعا پڑھنا۔ [ترمذی]

| | | |
|---|---|---|
| دستخط معلم | تاریخ | چوتھے مہینہ میں پڑھائیں |

# 2- Hadees (Dua, Sunnat)

# ۲- حدیث (دُعا، سنّت)

## Sabaq 15

## سبق ۱۵

### Wuzu Se Pehle ki Du'a

### وضو سے پہلے کی دُعا

**Bismillaah** [Nasai]

[نسائی] بِسۡمِ اللّٰهِ

**Tarjamah:** Shuroo karta hoon main Allaah ke naam se.

ترجمہ: شروع کرتا ہوں میں اللہ کے نام سے۔

| پانچویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

## Sabaq 16

## سبق ۱۶

### Wuzu ke Darmiyaan ki Du'a

### وضو کے درمیان کی دُعا

**Allaahummagh firlee zambee wa wassi'a lee fee daaree wa baarik lee fee riẓqee**

اَللّٰهُمَّ اغۡفِرۡ لِیۡ ذَنۡبِیۡ وَوَسِّعۡ لِیۡ فِیۡ دَارِیۡ وَبَارِكۡ لِیۡ فِیۡ رِزۡقِیۡ

[Musnad-e-Ahmed] [مسند احمد]

**Tarjamah:** Aye Allaah ! mere gunaah bakhsh dijiye aur mera ghar kushaadah kardijiye aur meri rozi mein barkat dijiye.

ترجمہ: اے اللہ! میرے گناہ بخش دیجیے اور میرا گھر کشادہ کردیجیے اور میری روزی میں برکت دیجیے۔

| پانچویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

# 2- Hadees
(Dua, Sunnat)

# ۲- حدیث
(دُعا، سنّت)

## Sabaq 17

## سبق ١٧

### Wuzu ke Ba'ad ki Du'a

**Ash-hadu allaa ilaaha illallaahu waḥdahoo laa shareeka lahoo wa ash-hadu anna Muḥammadan 'abduhoo wa rasooluhu, Allaahummaj'alnee minat tawwaabeena waj'alnee minal mutaṭahhireen** [Muslim]

**Tarjamah:** Main gawaahi deta hoon ke Allaah ke siwa koi ma'abood naheen, Woh akela hai, koi us ka shareek naheen aur main gawaahi deta hoon ke Muhammad ﷺ Allaah ke bande aur us ke Rasool hain, Aye Allaah ! Mujhe tauba karne waalon mein se kar dijiye aur mujhe paak-o-saaf logon mein se kar dijiye.

### وضو کے بعد کی دُعا

أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ، اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ [مسلم]

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، کوئی اس کا شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندہ اور اس کے رسول ہیں، اے اللہ! مجھے توبہ کرنے والوں میں سے کر دیجیے اور مجھے پاک وصاف لوگوں میں سے کر دیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| پانچویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |

## Sabaq 18

## سبق ١٨

### Wuzu ki Sunnatein

1) Wuzu ki niyat karna [Bukhaari]
2) "Bismillaah" padh kar wuzu shuroo karna. [Nasai]

### وضو کی سنّتیں

١) وضو کی نیت کرنا۔ [بخاری]
٢) "بِسْمِ اللهِ" پڑھ کر وضو شروع کرنا۔ [نسائی]

# 2- Hadees ۲- حدیث

(Dua, Sunnat) (دُعا، سنّت)

| | |
|---|---|
| 3) Teen martaba donon haath gatton tak dhona. [Bukhaari] | ۳) تین مرتبہ دونوں ہاتھ گٹوں تک دھونا۔ [بخاری] |
| 4) Miswaak karna aur agar miswaak na ho to ungli se daanton ko malna. [Bukhaari] | ۴) مسواک کرنا اور اگر مسواک نہ ہو تو انگلی سے دانتوں کو ملنا۔ [بخاری] |
| 5) Teen baar kulli karna. [Bukhaari] | ۵) تین بار کلی کرنا۔ [بخاری] |
| 6) Teen baar naak mein paani chadhaana. [Bukhaari] | ۶) تین بار ناک میں پانی چڑھانا۔ [بخاری] |
| 7) Haathon aur pairon ko dhote waqt ungliyon ka khilaal karna. [Tirmizi] | ۷) ہاتھوں اور پیروں کو دھوتے وقت انگلیوں کا خلال کرنا۔ [ترمذی] |
| 8) Har uzw ko teen teen baar dhona. [Ibn-e-Maajah] | ۸) ہر عضو کو تین تین بار دھونا۔ [ابن ماجہ] |
| 9) Ek martaba poore sar ka masah karna. [Bukhaari] | ۹) ایک مرتبہ پورے سر کا مسح کرنا۔ [بخاری] |
| 10) Sar ke masah ke saath kaanon ka masah karna. [Ibn-e-Maajah] | ۱۰) سر کے مسح کے ساتھ کانوں کا مسح کرنا۔ [ابن ماجہ] |
| 11) Aaza ko pai dar pai dhona (Ek ke baad doosra uzw fauran dhona). [Muatta Maalik] | ۱۱) اعضاء کو پے در پے دھونا (ایک کے بعد دوسرا عضو فوراً دھونا)۔ [مؤطا مالک] |
| 12) Tarteeb waar wuzu karna. [Bukhaari] | ۱۲) ترتیب وار وضو کرنا۔ [بخاری] |
| 13) Wuzu ke ba'ad ki dua padhna. [Muslim] | ۱۳) وضو کے بعد کی دُعا پڑھنا۔ [مسلم] |

| دستخط معلم | تاریخ | چھٹے مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|
| | | |

# 2- Hadees
(Dua, Sunnat)

# ۲- حدیث
(دُعا، سنّت)

## Sabaq 19

## سبق ۱۹

### Ghusl ki Sunnatein

### غسل کی سنّتیں

1) Paak hone ki niyat karna. [Bukhaari]
۱) پاک ہونے کی نیت کرنا۔ [بخاری]

2) Donon haath gatton tak dhona. [Bukhaari]
۲) دونوں ہاتھ گٹوں تک دھونا۔ [بخاری]

3) Istinja karna. [Bukhaari]
۳) استنجا کرنا۔ [بخاری]

4) Badan par kaheen naapaaki Waghairah lagi ho to us ko dhona. [Bukhaari]
۴) بدن پر کہیں ناپاکی وغیرہ لگی ہو تو اس کو دھونا۔ [بخاری]

5) Wuzu Karna. [Bukhaari]
۵) وضو کرنا۔ [بخاری]

6) Teen baar poore badan par paani bahaana. [Bukhaari]
۶) تین بار پورے بدن پر پانی بہانا۔ [بخاری]

7) Pehle sar par phir daayein kandhe par aur phir baayein kandhe par paani bahaana. [Nasai]
۷) پہلے سر پر پھر دائیں کندھے پر اور پھر بائیں کندھے پر پانی بہانا۔ [نسائی]

8) Jahaan paani na pahoncha ho wahaan haath se mal kar paani pahonchaana. [Abu Daawood]
۸) جہاں پانی نہ پہنچا ہو وہاں ہاتھ سے مل کر پانی پہنچانا۔ [ابوداؤد]

| | | |
|---|---|---|
| دستخط معلم | تاریخ | چھٹے مہینہ میں پڑھائیں |

# 2- Hadees (Dua, Sunnat) | ۲- حدیث (دُعا، سنّت)

## Sabaq 20 | سبق ۲۰

### Masjid mein daakhil hone ki Dua | مسجد میں داخل ہونے کی دُعا

**Allaahummaftaḥ lee abwaaba Raḥmatik** [Muslim]

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ [مسلم]

**Tarjamah** : Aye Allaah ! Tu mere liye apni rahmat ke darwaaze khol de.

ترجمہ: اے اللہ! تو میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

| دستخط معلم | تاریخ | ساتویں مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|

## Sabaq 21 | سبق ۲۱

### Masjid mein daakhil hone ki Sunnatein | مسجد میں داخل ہونے کی سنّتیں

1) Pehle baayein paaon se joota utaarna phir daayein paaon se. [Bukhaari]

۱) پہلے بائیں پاؤں سے جوتا اُتارنا پھر دائیں پاؤں سے۔ [بخاری]

2) Daayein paaon se Masjid mein daakhil hona. [Bukhaari]

۲) دائیں پاؤں سے مسجد میں داخل ہونا۔ [بخاری]

3) **"Bismillaah"** padhna. [Ibn-e-Maajah]

۳) "بِسْمِ اللّٰهِ" پڑھنا۔ [ابن ماجہ]

4) Durood Shareef **"Aṣṣalaatu wassalaamu 'ala Rasoolillaah"** padhna. [Tirmizi]

۴) درود شریف "اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ" پڑھنا۔ [ترمذی]

5) Masjid mein daakhil hone ki Dua **Allahummaftaḥlee...** (aakhir tak) padhna. [Muslim]

۵) مسجد میں داخل ہونے کی دُعا اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ ___ الخ پڑھنا۔ [مسلم]

6) Etikaaf ki niyat karna. [Sharh-e-Muslim Linnawawi]

۶) اعتکاف کی نیت کرنا۔ [شرح مسلم للنووی]

| دستخط معلم | تاریخ | ساتویں مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|

# 2- Hadees
(Dua, Sunnat)

# ۲۔ حدیث
(دُعا، سنّت)

## Sabaq 22

## سبق ۲۲

### Masjid se nikalne ki Dua

### مسجد سے نکلنے کی دُعا

**Allaahumma innee as'aluka min fazlik** [Muslim]

اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ [مسلم]

**Tarjamah :** Aye Allaah ! Main tujh se tere Fazl ka sawaal karta hoon.

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔

| ساتویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

## Sabaq 23

## سبق ۲۳

### Masjid se nikalne ki Sunnatein

### مسجد سے نکلنے کی سنّتیں

1) Pehle masjid se baayaan paaon baahar nikaalna. [Bukhaari]

2) **"Bismillaah"** Padhna. [Ibn-e-Maaja]

4) Durood Shareef **"Aṣṣalaatu wassalaamu 'ala Rasoolillaah"** padhna. [Tirmizi]

4) Masjid se nikalne ki dua **Allaahumma Innee...** (aakhir tak) Paddhna. [Muslim]

5) Pehle daayein paaon mein joota pahenna phir baayein paaon mein. [Bukhaari]

۱) پہلے مسجد سے بایاں پاؤں باہر نکالنا۔ [بخاری]

۲) "بِسْمِ اللّٰهِ" پڑھنا۔ [ابن ماجہ]

۳) درود شریف "اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ" پڑھنا۔ [ترمذی]

۴) مسجد سے نکلنے کی دعا اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ ۔۔۔ الخ پڑھنا۔ [مسلم]

۵) پہلے دائیں پاؤں میں جوتا پہننا پھر بائیں پاؤں میں۔ [بخاری]

| ساتویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

# 2- Hadees
(Dua, Sunnat)

# ۲- حدیث
(دُعا، سنّت)

## Sabaq 24

## سبق ۲۴

### Kapda Pahenne Ki Du'a

**Alḥamdu lillaahillazee kasaanee haazassaub wa raẓaqaneehi min ghairi ḥawlim minnee walaa quwwah** [Abu Daawood]

**Tarjamah** : Tamaam ta'areefein Allaah ke liye hain jis ne mujhe yeh kapda pehnaaya, aur meri taaqat-o-quwwat ke baghair mujh ko yeh ata farmaaya.

### کپڑا پہننے کی دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ هٰذَا الثَّوْبَ وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ [ابوداؤد]

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا، اور میری طاقت وقوت کے بغیر مجھ کو یہ عطا فرمایا۔

| دستخط معلم | تاریخ | ساتویں مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|

## Sabaq 25

## سبق ۲۵

### Naya Kapda Pahenne ki Du'a

**Alḥamdu lillaahillazee kasaanee maa'uwaaree bihee'auratee wa Atajammalu bihee fee ḥayaatee** [Tirmizi]

**Tarjamah** : Tamaam ta'areefein Allaah ke liye hain jis ne mujhe aisa libaas pehnaaya ke jis se main apna satar chhupaata hoon aur jis se main apni zindagi mein zeenat ikhtiyaar karta hoon.

### نیا کپڑا پہننے کی دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ مَا أُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتِیْ وَأَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَيَاتِیْ [ترمذی]

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے ایسا لباس پہنایا کہ جس سے میں اپنا ستر چھپاتا ہوں اور جس سے میں اپنی زندگی میں زینت اختیار کرتا ہوں۔

# 2- Hadees
(Dua, Sunnat)

# ۲- حدیث
(دُعا، سنّت)

## Sabaq 26

## سبق ۲۶

### Kisi Musalmaan ko naya kapda pehne dekhe to yeh du'a padhe

### جب کسی مسلمان کو نیا کپڑا پہنے دیکھے تو یہ دُعا دے

**Tublee wa yukhlifullaah** [Abu Daawood]

تُبۡلِیۡ وَیُخۡلِفُ اللہُ [ابوداؤد]

**Tarjamah:** Tum pehno aur puraana karo, Allaah tumhein aur de.

ترجمہ: تم پہنو اور پرانا کرو، اللہ تمہیں اور دے۔

| | | |
|---|---|---|
| آٹھویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |

## Sabaq 27

## سبق ۲۷

### Libaas ki Sunnatein

### لباس کی سنّتیں

1) Aksar Safed rang ka kapda pahenna. [Abu Daawood]

**Note:** Hamaare Nabi ﷺ ko safed rang ka kapda pasand tha.

2) Qamees aur kurte waghairah mein pehle daayaan haath aastin mein daalna, phir baayaan isi tarah paaejaama, shalwaar waghairah mein pehle daayaan paaon daalna phir baayaan. [Tirmizi]

3) Paaejaama, Shalwaar, Lungi waghairah takhne se upar rakhna. [Bukhaari]

4) Kapda pehenne ki dua padhna. [Abu Daawood]

۱) اکثر سفید رنگ کا کپڑا پہننا۔ [ابوداؤد]

نوٹ: ہمارے نبی ﷺ کو سفید رنگ کا کپڑا پسند تھا۔

۲) قمیص اور کرتے وغیرہ میں پہلے دایاں ہاتھ آستین میں ڈالنا پھر بایاں اسی طرح پائجامہ شلوار وغیرہ میں پہلے دایاں پاؤں ڈالنا پھر بایاں۔ [ترمذی]

۳) پائجامہ، شلوار، لنگی وغیرہ ٹخنہ سے اوپر رکھنا۔ [بخاری]

۴) کپڑا پہننے کی دُعا پڑھنا۔ [ابوداؤد]

# 2- Hadees (Dua, Sunnat) ۲- حدیث (دُعا، سنّت)

5) Topi pehan kar us par amaama baandhna. [Abu Daawood]

۵) ٹوپی پہن کر اس پر عمامہ باندھنا۔ [ابوداؤد]

6) Amaame ka shamla ek haath ki miqdaar (kohni tak) ya us se ziyaadah chhodna. [Abu Daawood]

٦) عمامہ کا شملہ ایک ہاتھ کی مقدار (کہنی تک) یا اس سے زیادہ چھوڑنا۔ [ابوداؤد]

7) Kapde Utaarte waqt **"Bismillaah"** kehna. [Ibn Maaja]

۷) کپڑے اتارتے وقت "بِسْمِ اللّٰهِ" کہنا۔ [ابن ماجہ]

8) Kapda utaarne mein baayein taraf se utaarna shuroo karna, pehle baayaan haath nikaalna phir daayaan, isi tarah pehle baayaan paaon nikaalna phir daayaan. [Abu Daawood]

۸) کپڑا اتارنے میں بائیں طرف سے اتارنا شروع کرنا، پہلے بایاں ہاتھ نکالنا پھر دایاں، اسی طرح پہلے بایاں پاؤں نکالنا پھر دایاں۔ [ابوداؤد]

9) Joota, chappal pehle daayein paaon mein pahenna phir baayein paaon mein. [Bukhaari]

۹) جوتا، چپل پہلے دائیں پاؤں میں پہننا پھر بائیں پاؤں میں۔ [بخاری]

10) Utaarte waqt pehle baayein paaon se utaarna, phir daayein se. [Bukhaari]

۱۰) اتارتے وقت پہلے بائیں پاؤں سے اتارنا پھر دائیں سے۔ [بخاری]

| | | |
|---|---|---|
| دستخط معلم | تاریخ | آٹھویں مہینہ میں پڑھائیں |

# Sabaq 28 سبق ۲۸

## Azaan ke ba'ad ki Du'a اذان کے بعد کی دُعا

**Allaahumma rabba haazihid da'awatit taammati**

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ

# 2- Hadees (Dua, Sunnat)

# ۲- حدیث (دُعاء، سنّت)

waṣṣalaatil qaaimati, aati Muhammada nilwaseelata walfaẕeelata wab'aṣhu maqaamam maḥmoodanillazee wa 'attahoo innaka laa tukhliful mee'aad [Baihaqi]

وَالصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَا ۨالْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا ۨالَّذِىْ وَعَدْتَّهٗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ [بیہقی]

**Tarjamah:** Aye Allaah ! is mukammal Daawat ke rab aur qaaim hone waali namaaz ke Rab! Muhammad ﷺ ko waseela aur fazeelat ata farma aur un ko us maqaam-e-mahmood par pahoncha jis ka aap ne un se waada farmaaya hai. Be shak aap wa'ade ke khilaaf naheen karte.

ترجمہ: اے اللہ! اس مکمل دعوت کے رب اور قائم ہونے والی نماز کے رب! محمد ﷺ کو وسیلہ اور فضیلت عطا فرما اور ان کو اس مقام محمود پر پہنچا جس کا آپ نے ان سے وعدہ فرمایا ہے۔ بے شک آپ وعدہ کے خلاف نہیں کرتے۔

| | | |
|---|---|---|
| آٹھویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |

## Sabaq 29

## سبق ۲۹

### Istikhaare ki du'a

### استخارہ کی دُعا

Hazrat Jabir ؓ se riwayat hai ke Rasoolullaah ﷺ ham ko Istikhaarah is tarah sikhaate the, jaise Quraan ki suratein sikhaate hon. Aap ﷺ farmaate hain jab koi aham kaam ho to istikhaarah ki niyat se 2 Raka'at nafl Namaaz padhne ke ba'ad yeh dua padhe.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہم کو استخارہ اس طرح سکھاتے تھے، جیسے قرآن کی سورتیں سکھاتے ہوں۔ آپ ﷺ فرماتے ہیں جب کوئی اہم کام ہو تو استخارہ کی نیت سے دو رکعت نفل نماز پڑھنے کے بعد یہ دُعا پڑھے۔

## 2- Hadees
(Dua, Sunnat)

## ۲- حدیث
(دُعا،سنّت)

**Allaahumma innee astakheeruka bi‘ilmika wa astaqdiruka biqudratika wa as-aluka min fazlikal ‘azeemi fainnaka taqdiru walaa aqdiru wa ta‘alamu walaa a‘alamu wa anta ‘allaamul ghuyoob. Allaahumma in kunta ta‘alamu anna haazal - amra khairullee fee deenee wa ma‘aashee wa‘aaqibati amree faqdirhu lee wa yassirhu lee ṣumma baarik lee feehi wa in kunta ta‘alamu anna haazal - amra sharrulli fee deenee wa ma‘aashi wa ‘aaqibati amree faṣrifhu ‘annee waṣrifnee ‘anhu waqdirliyalkhaira ḥaiṣu kaana ṣumma arzinee bih.** [Bukhaari]

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ
وَأَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَأَسْئَلُكَ
مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَإِنَّكَ تَقْدِرُ
وَلَا أَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ وَأَنْتَ
عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ط اَللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ
تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ
وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ فَاقْدِرْهُ لِيْ
وَيَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَإِنْ
كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ شَرٌّ لِّيْ
فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ
فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ وَاقْدِرْ
لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ أَرْضِنِيْ بِهٖ

[بخاری]

**Tarjamah:** Aye Allaah ! Main tere ilm ke zarye tujh se bhalaai maangta hoon, aur teri qudrat ke zarye tujh se qudrat talab karta hoon aur tere bade fazl ka tujh se sawaal karta hoon kiyun ke beshak tujhe qudrat hai aur mujhe qudrat naheen hai

ترجمہ: اے اللہ! میں تیرے علم کے ذریعہ تجھ سے بھلائی مانگتا ہوں، اور تیری قدرت کے ذریعہ تجھ سے قدرت طلب کرتا ہوں اور تیرے بڑے فضل کا تجھ سے سوال کرتا ہوں کیونکہ بے شک تجھے قدرت ہے اور مجھے قدرت نہیں ہے

# 2- Hadees
(Dua, Sunnat)

# ۲- حدیث
(دُعا، سنّت)

aur tu jaanta hai aur main naheen jaanta aur tu ghaibon ko khoob jaanne waala hai, Aye Allaah! agar tere ilm mein mere liye yeh kaam meri dunyawi zindagi aur ukhrawi zindagi ke etebaar se behtar hai to mere liye us ko muqaddar farma aur mere liye us ko Aasaan farmaa de aur phir mere liye us mein barkat ata farma aur agar tere ilm mein mere liye yeh kaam meri dunyawi zindagi aur ukhrawi zindagi ke etebaar se bura hai to us ko mujh se aur mujh ko us se door farma aur mere liye bhalaai muqaddar farma, jahaan kaheen bhi ho phir us par mujhe raazi farma.

**Note :** Lafz **haazal-amra** 2 jagah aaya hai yahaan pahonchen to apne us kaam ka naam lein ya dil mein us ka tasawwur karein jis ke baare mein istikhaarah kiya hai.

**Istikhaarah ka jawaab:** Khwaab mein us cheez ko dekh lein ya dil mein koi baat jam jaaye ya jis cheez ke liye istikhaarah kiya gaya hai us ke liye raasta aasaan ho jaaye ya rukaawat paida ho jaaye.

اور تو جانتا ہے اور میں نہیں جانتا اور تو غیبوں کو خوب جاننے والا ہے، اے اللہ! اگر تیرے علم میں میرے لیے یہ کام میری دنیوی زندگی اور اخروی زندگی کے اعتبار سے بہتر ہے تو میرے لیے اس کو مقدر فرما اور میرے لیے اس کو آسان فرمادے اور پھر میرے لیے اس میں برکت عطا فرما اور اگر تیرے علم میں میرے لیے یہ کام میری دنیوی زندگی اور اخروی زندگی کے اعتبار سے برا ہے تو اس کو مجھ سے اور مجھ کو اس سے دور فرما اور میرے لیے بھلائی مقدر فرما، جہاں کہیں بھی ہو پھر اس پر مجھے راضی فرما۔

**نوٹ:** لفظ هٰذَا الْأَمْرَ دو جگہ آیا ہے یہاں پہنچیں تو اپنے اس کام کا نام لیں یا دل میں اس کا تصوّر کریں جس کے بارے میں استخارہ کیا ہے۔

**استخارہ کا جواب:** خواب میں اس چیز کو دیکھ لیں یا دل میں کوئی بات جم جائے یا جس چیز کے لیے استخارہ کیا گیا ہے اس کے لیے راستہ آسان ہو جائے یا رکاوٹ پیدا ہو جائے۔

| نویں مہینہ میں پڑھائیں | | تاریخ | | دستخط معلم | |
|---|---|---|---|---|---|

# 2- Hadees
(Dua, Sunnat)

# ۲- حدیث
(دُعاء سنّت)

## Sabaq 30

## سبق ۳۰

### Jab baazaar mein jaaye to yeh du'a padhe

### جب بازار میں جائے تو یہ دُعا پڑھے

**Bismillahi, Allaahumma innee as'alukakhaira haazihissooqi wakhaira maa feehaa waa'oozubika min sharrihaawa sharri maa feehaa Allaahumma innee a'oozubika an useebafeehaa yameenan faajiratan aw safaqatan**

بِسْمِ اللهِ، اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ السُّوْقِ وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُبِكَ أَنْ أُصِيْبَ فِيْهَا يَمِيْنًا فَاجِرَةً أَوْصَفْقَةً خَاسِرَةً [مستدرک حاکم]

**Tarjamah:** Allah ka naam lekar (Bazar mein dakhil hota hon), Aye Allaah ! main aap se is baazaar ki bhalaai ka aur jo cheezein is mein hai un ki bhalaai ka sawaal karta hoon, aur is ke shar se jo cheezein is mein hai un ke shar se panaah maangta hoon, Aye Allaah! main aap ki panaah chahata hon is baat se ke kisi jhooti qasam ya ghaate ke maamle mein pad jaaoon.

ترجمہ: اللہ کا نام لے کر (بازار میں داخل ہوتا ہوں)، اے اللہ! میں آپ سے اس بازار کی بھلائی کا اور جو چیزیں اس میں ہیں ان کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں، اور اس کے شر سے اور جو چیزیں اس میں ہیں ان کے شر سے پناہ مانگتا ہوں۔ اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ میں کسی جھوٹی قسم یا گھاٹے کے معاملے میں پڑ جاؤں۔

| نویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

# 2- Hadees (Dua, Sunnat)

# ۲- حدیث (دُعا، سنّت)

## Sabaq 31

## سبق ۳۱

### Khaas Khaas mauqon par kahe jaane waale Masnoon Kalimaat

### خاص خاص موقعوں پر کہے جانے والے مسنون کلمات

**Kisi Musalmaan se milein to salaam karein**

**کسی مسلمان سے ملیں تو سلام کریں**

**Assalaamu 'alaikum wa raḥmatullaahi wa barakaatuh** [Tirmizi]

**اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ** [ترمذی]

**Tarjamah :** Tum par salaamati ho aur Allaah ki rahmat aur us ki barkatein hon.

ترجمہ : تم پر سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں۔

**Koi Musalmaan salaam kare to yeh jawaab dein**

**کوئی مسلمان سلام کرے تو یہ جواب دیں**

**Wa'alaikumus salaamu wa raḥmatullaahi wa barakaatuh** [Tirmizi]

**وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ** [ترمذی]

**Tarjamah:** Tum par (bhi) salaamati ho aur Allaah ki rahmat aur us ki barkatein hon.

ترجمہ : تم پر (بھی) سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں۔

# 2- Hadees
(Dua, Sunnat)

# ۲- حدیث
(دُعاء،سنّت)

**Oonchi jagah par chadhte huwe padhein**

اونچی جگہ پر چڑھتے ہوئے پڑھیں

**Allaahu akbar** [Bukhaari]

اَللّٰہُ اَکْبَرُ [بخاری]

**Tarjamah:** Allaah sab se bada hai.

ترجمہ : اللہ سب سے بڑا ہے۔

**Neeche utarte huwe padhein**

نیچے اترتے ہوئے پڑھیں

**Subḥaanallaah** [Bukhaari]

سُبْحَانَ اللّٰہِ [بخاری]

**Tarjamah:** Allaah ki zaat Paak hai.

ترجمہ : اللہ کی ذات پاک ہے۔

**Har achchhe kaam ko shuroo karte waqt padhein**

ہر اچھے کام کو شروع کرتے وقت پڑھیں

**Bismillaah** [Tirmizi]

بِسْمِ اللّٰہِ [ترمذی]

**Tarjamah:** Shuroo karta hoon main Allaah ke naam se.

ترجمہ : شروع کرتا ہوں میں اللہ کے نام سے۔

**Koi khairiyat poochhe ya koi ne'amat haasil ho to kahein**

کوئی خیریت پوچھے یا کوئی نعمت حاصل ہو تو کہیں

**Alḥamdulillaah** [Kanzulummaal]

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ [کنز العمال]

**Tarjamah :** Tamaam ta'areefein Allaah ke liye hain.

ترجمہ : تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔

**Koi cheez achchhi Lage to kahein**

کوئی چیز اچھی لگے تو کہیں

**Maashaa Allaah** [Sura-e-kahaf]

مَاشَاءَ اللّٰہُ [سورۂ کہف]

**Tarjamah :** Jo Allaah chaahe.

ترجمہ : جو اللہ چاہے۔

# 2- Hadees
(Dua, Sunnat)

# ٢- حدیث
(دُعا، سنّت)

**Kisi baat par ta'ajjub ho to kahein**

کسی بات پر تعجب ہو تو کہیں

**Subḥaanallaah** [Bukhaari]

سُبۡحَانَ اللهِ [بخاری]

**Tarjamah :** Allaah ki zaat paak hai.

ترجمہ : اللہ کی ذات پاک ہے۔

**Kisi kaam ke karne ka iraadah zaahir karein to kahein**

کسی کام کے کرنے کا ارادہ ظاہر کریں تو کہیں

**Inshaa Allaah** [Sura-e-kahaf]

إِنۡ شَاءَ اللهُ [سورۂ کہف]

**Tarjamah:** Agar Allaah ne chaaha.

ترجمہ : اگر اللہ نے چاہا۔

**Chheenk aane par kahein**

چھینک آنے پر کہیں

**Alḥamdulillaah** [Bukhaari]

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ [بخاری]

**Tarjamah:** Tamaam ta'areefein Allaah ke liye hain.

ترجمہ : تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں۔

**Chheenkne waale ko yeh jawaab dein**

چھینکنے والے کو یہ جواب دیں

**Yarḥamukallaah** [Bukhaari]

يَرۡحَمُكَ اللهُ [بخاری]

**Tarjamah:** Allaah tum par raham kare.

ترجمہ : اللہ تم پر رحم کرے۔

**Chheenkne waala phir yeh du'a de**

چھینکنے والا پھر یہ دُعا دے

**Yahdeekumullaahu wa Yuṣliḥu baalakum** [Bukhaari]

يَهۡدِيكُمُ اللهُ وَيُصۡلِحُ بَالَكُمۡ [بخاری]

**Tarjamah :** Allaah tumhein hidaayat de aur tumhaare haal ki islaah kare.

ترجمہ : اللہ تمہیں ہدایت دے اور تمہارے حال کی اصلاح کرے۔

# 2- Hadees
(Dua, Sunnat)

# ۲- حدیث
(دعا، سنت)

**Koi takleef pahonche, koi cheez gum ho jaaye ya kisi ke marne ki khabar sunein to padhein**

**کوئی تکلیف پہنچے، کوئی چیز گم ہو جائے یا کسی کے مرنے کی خبر سنیں تو پڑھیں**

**Innaa lillaahi wa innaa ilaihi raaji'oon** [Sura-e-Baqarah]

**إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ** [سورۂ بقرہ]

**Tarjamah:** Beshak hum Allaah ke liye hain aur hum usi ki taraf lautne waale hain.

ترجمہ : بیشک ہم اللہ کے لیے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔

**Koi kuchh de ya achchha sulook kare to kahein**

**کوئی کچھ دے یا اچھا سلوک کرے تو کہیں**

**Jazaakallaahu khairaa** [Tirmizi]

**جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا** [ترمذی]

**Tarjamah :** Allaah aap ko behtar badla ata kare.

ترجمہ : اللہ آپ کو بہتر بدلہ عطا کرے۔

**Jab ghussa aaye to yeh padhein**

**جب غصہ آئے تو یہ پڑھیں**

**A'oozu billaahi minash shaiṭaanirrajeem** [Tirmizi]

**أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ** [ترمذی]

**Tarjamah:** Main Allaah ki panaah chaahta hoon shaitaan mardood se.

ترجمہ : میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں شیطان مردود سے۔

| | | |
|---|---|---|
| دسویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |

# عقائد

# Aqaaid

# 3 - Aqaaid, Masaail (Aqaaid)

# ۳- عقائد، مسائل (عقائد)

## Sabaq 8

## سبق ۸

### Tauheed

### توحید

Allaah ek hai, Allaah kisi ka mohtaaj naheen aur sab Us ke mohtaaj hain. Woh na kisi ki aulaad hai aur na Us ki koi aulaad hai. Allaah har cheez par qudrat rakhta hai aur har baat ko jaanta hai. Woh sab kuchh sunta aur dekhta hai. woh jo chaahe karta hai. Allaah ta'ala hi ne aasmaan-o-zameen, Chaand-o-Sooraj, Darya, Pahaad, Insaan Farishte aur tamaam cheezon ko paida kiya. Allaah ke paida karne se pehle kuchh na tha. Allaah hamesha se hai aur hamesha rahega. Hamein sirf Usi ki ibaadat karni chaahiye aur usi se apni haajat ka sawaal karna chaahiye. Allaah ta'ala hi gunaahon ko maaf karta hai aur wahi rozi deta hai. Allaah Jis ko chaahta hai izzat deta hai aur jis ko chaahta hai zillat deta hai, zindagi aur maut wahi deta hai.

اللہ ایک ہے۔ اللہ کسی کا محتاج نہیں اور سب اس کے محتاج ہیں۔ وہ نہ کسی کی اولاد ہے اور نہ اُس کی کوئی اولاد ہے۔ اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اور ہر بات کو جانتا ہے۔ وہ سب کچھ سنتا اور دیکھتا ہے۔ وہ جو چاہے کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی نے آسمان و زمین، چاند و سورج، دریا، پہاڑ، انسان، فرشتے اور تمام چیزوں کو پیدا کیا۔ اللہ کے پیدا کرنے سے پہلے کچھ نہ تھا۔ اللہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ ہمیں صرف اُسی کی عبادت کرنی چاہیے اور اسی سے اپنی حاجت کا سوال کرنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ ہی گناہوں کو معاف کرتا ہے اور وہی روزی دیتا ہے۔ اللہ جس کو چاہتا ہے عزت دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ذلت دیتا ہے، زندگی اور موت وہی دیتا ہے۔

#### Sawaalaat

1) Kiya Allaah kisi ki Aulaad hai?
2) Har cheez ki qudrat kis ke paas hai?
3) Kaun hamesha se hai aur hamesha rahega ?
4) Zindagi aur maut kaun deta hai?

#### سوالات

۱) کیا اللہ کسی کی اولاد ہے؟
۲) ہر چیز کی قدرت کس کے پاس ہے؟
۳) کون ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا؟
۴) زندگی اور موت کون دیتا ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| دستخط معلم | تاریخ | ساتویں مہینہ میں پڑھائیں |

# 3 - Aqaaid, Masaail
(Aqaaid)

## Sabaq 9

### Risaalat-e-Nabi-e-Akram ﷺ

Hazrat Muhammad ﷺ Allaah ke Bande aur Us ke Rasool hain. Hamaare Rasool ﷺ tamaam Rasoolon se martabe mein bade hain aur Allaah ta'ala ki makhlooq mein sab se afzal hain.

Hamaare Rasool ﷺ ke Akhlaaq nihaayat achchhe aur umdah the. Hamaare Rasool ﷺ ko Allaah ta'ala ne tamaam makhlooq mein sab se ziyaadah ilm diya. Hamaare Rasool ﷺ ko Allaah ta'ala ne tamaam insaanon ko seedhi raah bataane ke liye bheja.

Hamaare Rasool ﷺ hamesha achchhi baaton aur achchhe kaamon ka hukm karte the. Hamaare Rasool ﷺ hamesha buri baaton aur bure kaamon se rokte the. Rasoolullah ﷺ se sab se ziyaadah mohabbat karna aur un ki sab se ziyaadah izzat-o-azmat aur ita-'at karna har ummati ke liye laazim aur zaroori hai.

### Sawaalaat

1) Hazrat Muhammad ﷺ kaun hain?
2) Allaah ne tamaam makhlooq mein sab se ziyaadah ilm kis ko diya?
3) Har Ummati ke liye kya laazim aur zaroori hai?

# ۳- عقائد، مسائل
(عقائد)

## سبق ۹

### رسالت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت محمد ﷺ اللہ کے بندہ اور اُس کے رسول ہیں۔ ہمارے رسول ﷺ تمام رسولوں سے مرتبے میں بڑے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سب سے افضل ہیں۔

ہمارے رسول ﷺ کے اخلاق نہایت اچھے اور عمدہ تھے۔ ہمارے رسول ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوق میں سب سے زیادہ علم عطا فرمایا۔ ہمارے رسول ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں کو سیدھی راہ بتانے کے لیے بھیجا۔

ہمارے رسول ﷺ ہمیشہ اچھی باتوں اور اچھے کاموں کا حکم کرتے تھے۔ ہمارے رسول ﷺ ہمیشہ بری باتوں اور برے کاموں سے روکتے تھے۔ رسول اللہ ﷺ سے سب سے زیادہ محبت کرنا اور ان کی سب سے زیادہ عزت وعظمت اور اطاعت کرنا ہر اُمتی کے لیے لازم اور ضروری ہے۔

### سوالات

۱) حضرت محمد ﷺ کون ہیں؟
۲) اللہ نے تمام مخلوق میں سب سے زیادہ علم کس کو دیا؟
۳) ہر امتی کے لیے کیا لازم اور ضروری ہے؟

| آٹھویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

# 3 - Aqaaid, Masaail
(Aqaaid)

## Sabaq 10

### Allaah ke Farishte

Farishte allaah ta'ala ki nooraani makhlooq hain, un ko "Malaaika" bhi kehte hain. Allaah ta'ala ne un ko hamaari nazron se chhupa diya hai. Woh kabhi Allaah ta'ala ki naafarmaani nahin karte, jin kaamon par Allaah ta'ala ne un ko laga diya hai woh unhi mein lage rehte hain. Farishton ki taadaad allaah ta'ala ke siwa koi naheen jaanta. un mein chaar farishte bahot mashhoor-o-muqarrab hain, Hazrat Jibraeel (علیہ السلام), Hazrat Mikaaeel (علیہ السلام), Hazrat Isfraafeel (علیہ السلام), Hazrat Izraaeel (علیہ السلام). Hazrat Jibraeel (علیہ السلام) allaah ta'ala ke ahkaam, kitaabein, paighaamaat Rasoolon ke paas laate the. Hazrat Mikaaeel (علیہ السلام) makhlooq ko rozi pahonchaane aur baarish waghairah ke intezaam par muqarrar hain. Hazrat Israafeel (علیہ السلام) qayaamat ke din soor phoonkenge. Hazrat Izraaeel (علیہ السلام) makhlooq ki Rooh qabz karne par maamoor hain.

### Sawaalaat

1) Farishte kaun hain?
2) Farishton ki taadaad kitni hai?
3) Chaar mashhoor Farishton ke naam aur un ke kaam bataao.

# ۳- عقائد، مسائل
(عقائد)

## سبق ۱۰

### اللہ کے فرشتے

فرشتے اللہ تعالیٰ کی نورانی مخلوق ہیں، ان کو "ملائکہ" بھی کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو ہماری نظروں سے چھپا دیا ہے۔ وہ کبھی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہیں کرتے، جن کاموں پر اللہ تعالیٰ نے ان کو لگادیا ہے وہ ان ہی میں لگے رہتے ہیں۔ فرشتوں کی تعداد اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ ان میں چار فرشتے بہت مشہور و مقرب ہیں، حضرت جبرئیل (علیہ السلام)، حضرت میکائیل (علیہ السلام)، حضرت اسرافیل (علیہ السلام)، حضرت عزرائیل (علیہ السلام)، حضرت جبرئیل (علیہ السلام) اللہ تعالیٰ کے احکام، کتابیں، پیغامات رسولوں کے پاس لاتے تھے۔ حضرت میکائیل (علیہ السلام) مخلوق کو روزی پہنچانے اور بارش وغیرہ کے انتظام پر مقرر ہیں۔ حضرت اسرافیل (علیہ السلام) قیامت کے دن صور پھونکیں گے۔ حضرت عزرائیل (علیہ السلام) مخلوق کی روح قبض کرنے پر مامور ہیں۔

### سوالات

۱) فرشتے کون ہیں؟
۲) فرشتوں کی تعداد کتنی ہے؟
۳) چار مشہور فرشتوں کے نام اور ان کے کام بتاؤ۔

| | | |
|---|---|---|
| نویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |

# 3 - Aqaaid, Masaail (Aqaaid)

# ۳- عقائد، مسائل (عقائد)

## Sabaq 11

## سبق ۱۱

## Aasmaani Kitaabein

## آسمانی کتابیں

Allaah ta'ala ne Hazrat Jibraeel ﷺ ke zariye apne Rasoolon par bahot si chhoti badi kitaabein naazil farmaayien. Allaah ta'ala ki utaari huwi kitaabon mein chaar kitaabein bahot mashhoor hain. Tauraat, Zaboor, Injeel, aur Quraan Majeed. Tauraat Hazrat Moosa ﷺ par, Zaboor Hazrat Daawood ﷺ par, Injeel Hazrat Eisa ﷺ par aur Quraan Majeed Hamaare Nabi Hazrat Muhammad ﷺ par naazil huwa.

اللہ تعالیٰ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کے ذریعہ اپنے رسولوں پر بہت سی چھوٹی بڑی کتابیں نازل فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ کی اُتاری ہوئی کتابوں میں چار کتابیں بہت مشہور ہیں۔ تورات، زبور، انجیل اور قرآن مجید۔ تورات حضرت موسیٰ علیہ السلام پر، زبور داؤد علیہ السلام پر، انجیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر اور قرآن مجید ہمارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا۔

Allaah ta'ala ki tamaam kitaabon par Imaan laana zaroori hai. Quraan Majeed sab se aakhri kitaab hai aur Qayaamat tak Quraan hi ka hukm chalta rahe ga aur Qayaamat tak is mein kisi qism ki tabdeeli aur kami ya ziyaadti naheen ho sakti. Mukammal Quraan majeed hamaare Nabi ﷺ par teyees (23) saal mein zaroorat aur mauqe ke lihaaz se thoda thoda naazil huwa.

اللہ تعالیٰ کی تمام کتابوں پر ایمان لانا ضروری ہے۔ قرآن مجید سب سے آخری کتاب ہے اور قیامت تک قرآن ہی کا حکم چلتا رہے گا اور قیامت تک اس میں کسی قسم کی تبدیلی اور کمی یا زیادتی نہیں ہوسکتی۔ مکمل قرآن مجید ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر تیئیس (۲۳) سال میں ضرورت اور موقع کے لحاظ سے تھوڑا تھوڑا نازل ہوا۔

### Sawaalaat

1) Allaah ta'ala ki mashhoor kitaabein kitni hain aur kaun kaun si hain?
2) Sab se aakhri kitaab kaun si hai?
3) Kya Quraan mein koi tabdeeli ho sakti hai?

### سوالات

۱) اللہ تعالیٰ کی مشہور کتابیں کتنی ہیں اور کون کون سی ہیں؟
۲) سب سے آخری کتاب کون سی ہے؟
۳) کیا قرآن میں کوئی تبدیلی ہوسکتی ہے؟

| دسویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|
| | | |

# 2- Hadeeṣ
(Hifz-e-Hadeeṣ)

# ۲- حدیث
(حفظ حدیث)

## Hadeeṣ (1) Imaaniyaat Par
## حدیث نمبر (۱) ایمانیات پر

**Ad deenu yusr** [Bukhaari] [بخاری] اَلدِّیْنُ یُسْرٌ

**Tarjamah** : Deen Aasaan hai.

ترجمہ : دین آسان ہے۔

| پہلے مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

## Hadeeṣ (2) Ibaadaat Par
## حدیث نمبر (۲) عبادات پر

**Miftaaḥul Jannatiṣ ṣalaah** [Ahmad] [احمد] مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ الصَّلٰوةُ

**Tarjamah** :Jannat ki kunji (chaabi) Namaaz hai.

ترجمہ : جنت کی کنجی (چابی) نماز ہے۔

| دوسرے مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

## Hadeeṣ (3) Muaamalaat Par
## حدیث نمبر (۳) معاملات پر

**Man Ghashshanaa Falaisa Minnaa** [Muslim] [مسلم] مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا

**Tarjamah** : Jo hum ko dhoka de woh hum (Musalmaanon) mein se naheen.

ترجمہ : جو ہم کو دھوکہ دے وہ ہم (مسلمانوں) میں سے نہیں۔

| تیسرے مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

## Hadeeṣ (4) Muaasharat Par
## حدیث نمبر (۴) معاشرت پر

**Assalaamu Qablal kalaam** [Tirmizi] [ترمذی] اَلسَّلَامُ قَبْلَ الْكَلَامِ

**Tarjamah** : Baat karne se pehle salaam karo.

ترجمہ : بات کرنے سے پہلے سلام کرو۔

| چوتھے مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

# 2- Hadees (Hifz-e-Hadees)

# ۲- حدیث (حفظ حدیث)

## Hadees ⑤ Akhlaaqiyaat Par

## حدیث نمبر ۵ اخلاقیات پر

'Alaikum bişşidq [Muslim]

عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ [مسلم]

**Tarjamah :** Hamesha sach baat kaho.

ترجمہ : ہمیشہ سچ بات کہو۔

| پانچویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

## Hadees ⑥ Imaaniyaat Par

## حدیث نمبر ٦ ایمانیات پر

Innamal a'amaalu bin niyyaat [Bukhaari]

إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ [بخاری]

**Tarjamah:** A'amaal ka daar-o-madaar niyaton par hai.

ترجمہ : اعمال کادارومدار نیتوں پر ہے۔

| چھٹے مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

## Hadees ⑦ Ibaadaat Par

## حدیث نمبر ۷ عبادات پر

Aṭ ṭuhooru Shaṭrul Imaan [Muslim]

اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْإِيْمَانِ [مسلم]

**Tarjamah :** Paaki Aadha Imaan hai.

ترجمہ : پاکی آدھا ایمان ہے۔

| چھٹے مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

## Hadees ⑧ Muaamalaat Par

## حدیث نمبر ۸ معاملات پر

Manintahaba nuhbatan falaisa minnaa [Tirmizi]

مَنِ انْتَهَبَ نُهْبَةً فَلَيْسَ مِنَّا [ترمذی]

**Tarjamah:** Jo shakhs koi cheez chheen kar le woh hum (Musalmaanon) mein se naheen.

ترجمہ : جو شخص کوئی چیز چھین کر لے وہ ہم (مسلمانوں) میں سے نہیں۔

| ساتویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

# 2- Hadeeṣ (Hifz-e-Hadeeṣ)

# ۲- حدیث (حفظ حدیث)

**Hadeeṣ (9) Muaasharat Par**

حدیث نمبر (۹) معاشرت پر

**Al jannatu taḥta aqdaamil ummahaat** [Kanzul ummaal]

اَلْجَنَّةُ تَحْتَ أَقْدَامِ الْأُمَّهَاتِ [کنزالعمال]

**Tarjamah :** Jannat maaon ke qadmon ke neeche hai.

ترجمہ : جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے۔

| ساتویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

**Hadeeṣ (10) Akhlaaqiyaat Par**

حدیث نمبر (۱۰) اخلاقیات پر

**Ijtanibul ghaẓab** [Kanzul ummaal]

اِجْتَنِبُوا الْغَضَبَ [کنزالعمال]

**Tarjamah :** Ghusse se bacho.

ترجمہ : غصہ سے بچو۔

| آٹھویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

**Hadeeṣ (11) Imaaniyaat Par**

حدیث نمبر (۱۱) ایمانیات پر

**Laa taqoomus saa'atu 'Alaa aḥadin Yaqoolu Allaahu Allaah** [Muslim]

لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ عَلٰى أَحَدٍ يَقُوْلُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ [مسلم]

**Tarjamah:** Kisi aise shakhs ke hote huwe Qayaamat naheen aa sakti jo Allaah Allaah kehta ho.

ترجمہ : کسی ایسے شخص کے ہوتے ہوئے قیامت نہیں آسکتی جو اللہ اللہ کہتا ہو۔

| آٹھویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

**Hadeeṣ (12) Ibaadaat Par**

حدیث نمبر (۱۲) عبادات پر

**Addu'aau silaaḥul Mu'min** [Musnad-e-Abu Ya'ala]

اَلدُّعَاءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ [مسند ابو یعلی]

**Tarjamah:** Du'a Momin ka hathyaar hai.

ترجمہ : دُعا مومن کا ہتھیار ہے۔

| نویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

خَيْرُكُمْ
مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ
(Bukhari)
The Prophet (SAW) said,
"The best among you (Muslims) are those who learn the Qur'an and teach it."

# ONLINE QURAN LEARNING ACADEMY


خَيْرُكُمْ
مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ
(Bukhari)
The Prophet (SAW) said,
"The best among you (Muslims) are those who learn the Qur'an and teach it."


*Under the supervision of*

**Hafiz-wa-Qari Mohammad Raza**, Fazil Jamia Nizamia

**Free Trail Class For Two Days**

**Prepaid Syllabus will be provided by us**



- With affordable fee
- Flexible timings (anywhere and anytime)

**Courses Offered:**

- Hiffz -e- Quran
- Tajweed
- Noorani qayeda
- Urdu lanuage
- Daily Prayers and Hadiths
- Basic Beliefs and Issues
- Funeral Prayer & Weekly spiritual gatherings.
- Arabic spoken with Quran understanding

**HURRY UP!!**

**LIMITED SEATS AVAILABLE**

**on the basis of first come first serve.**

Registration Details +91 9346516150 Course Details +91 9000257025

# 2- Hadeeș (Hifz-e-Hadeeș)

# ٢- حدیث (حفظِ حدیث)

## Hadeeș (13) Muaamalaat Par

## حدیث نمبر (١٣) معاملات پر

La'ana rasoolullaahi șallallaahu 'alaihi wasallama rrashiya walmurtashi [Tirmizi]

لَعَنَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّاشِيَ وَالْمُرْتَشِيَ [ترمذی]

**Tarjamah:** Allaah ke Rasool ﷺ ne rishwat dene aur lene waale par laanat farmaai hai.

ترجمہ : رسول اللہ ﷺ نے رشوت دینے اور لینے والے پر لعنت فرمائی ہے۔

| دستخط معلم | تاریخ | نویں مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|

## Hadeeș (14) Muaasharat Par

## حدیث نمبر (١٤) معاشرت پر

Rizar Rabbi fee rizal waalid [Tirmizi]

رِضَى الرَّبِّ فِيْ رِضَى الْوَالِدِ [ترمذی]

**Tarjamah :** Allaah ki khushi waalid ki khushi mein hai.

ترجمہ : اللہ کی خوشی والد کی خوشی میں ہے۔

| دستخط معلم | تاریخ | دسویں مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|

## Hadeeș (15) Akhlaaqiyaat Par

## حدیث نمبر (١٥) اخلاقیات پر

Laa yadkhulul jannata khabbunw walaa bakheelunw walaa mannaan [Tirmizi]

لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ خَبٌّ وَّلَا بَخِيْلٌ وَّلَا مَنَّانٌ [ترمذی]

**Tarjamah:** Dhoke baaz, Kanjoos, aur ehsaan jatlaane waala Jannat mein daakhil naheen hoga.

ترجمہ : دھوکہ باز، کنجوس اور احسان جتلانے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

| دستخط معلم | تاریخ | دسویں مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|

# مسائل

# Masaail

# 3 - Aqaaid, Masaail
(Masaail)

# ۳۔ عقائد، مسائل
(مسائل)

## Sabaq 1 — سبق ۱

### Wuzu ke Faraaiz — وضو کے فرائض

**Wuzu mein chaar farz hain:**

1) Peshaani ke baalon se thoodi ke neeche tak aur ek kaan ki lau se doosre kaan ki lau tak poora chehra dhona.
2) Donon haathon ko kohniyon samet dhona.
3) Chauthaai sar ka masah karna.
4) Donon paaon takhnon samet Dhona.

وضو میں چار فرض ہیں:

۱) پیشانی کے بالوں سے ٹھوڑی کے نیچے تک اور ایک کان کی لو سے دوسرے کان کی لو تک پورا چہرہ دھونا۔
۲) دونوں ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھونا۔
۳) چوتھائی سر کا مسح کرنا۔
۴) دونوں پاؤں ٹخنوں سمیت دھونا۔

| پہلے مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

## Sabaq 2 — سبق ۲

### Wuzu ko todne waali cheezein — وضو کو توڑنے والی چیزیں

**Aath cheezon se wuzu toot jaata hai, unhein "Nawaaqiz -e-wuzu" kehte hain.**

1) Paakhaana, peshaab karna ya in donon raaston se kisi aur cheez ka nikalna.
2) Reeh yaani hawa ka peechhe se nikalna.
3) Badan ke kisi hisse se khoon ya peep ka nikal kar beh jaana.

آٹھ چیزوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، انہیں "نواقضِ وضو" کہتے ہیں۔

۱) پاخانہ، پیشاب کرنا یا ان دونوں راستوں سے کسی اور چیز کا نکلنا۔
۲) ریح یعنی ہوا کا پیچھے سے نکلنا۔
۳) بدن کے کسی حصے سے خون یا پیپ کا نکل کر بہہ جانا۔

# 3 - Aqaaid, Masaail
(Masaail)

# ۳- عقائد، مسائل
(مسائل)

4) Munh bhar ke qae karna.
5) Let kar ya sahaara laga kar so jaana.
6) Beemaari ya kisi aur wajah se behosh ho jaana.
7) Majnoon yaani paagal ho jaana.
8) Namaaz mein qahqaha maar Kar hansna.

**Mas'ala:** Agar ek namaaz ke liye wuzu kiya tha phir doosri namaaz ka waqt aa gaya aur abhi wuzu naheen toota hai to usi wuzu se namaaz padhna jaaiz hai aur agar dobaarah wuzu kar le to bahot sawaab milta hai.

۴) منہ بھر کے قے کرنا۔
۵) لیٹ کر یا سہارا لگا کر سو جانا۔
۵) بیماری یا کسی اور وجہ سے بیہوش ہو جانا۔
۷) مجنون یعنی پاگل ہو جانا۔
۸) نماز میں قہقہہ مار کر ہنسنا۔

مسئلہ: اگر ایک نماز کے لیے وضو کیا تھا پھر دوسری نماز کا وقت آ گیا اور ابھی وضو نہیں ٹوٹا ہے تو اسی وضو سے نماز پڑھنا جائز ہے اور اگر دوبارہ وضو کر لے تو بہت ثواب ملتا ہے۔

| دستخط معلم | تاریخ | پہلے مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|
| | | |

## Sabaq 3

## سبق ۳

## Ghusl ke Faraaiz

## غسل کے فرائض

**Ghusl mein teen farz hain:**

1) Munh bhar kar kulli karna.
2) Naak mein paani daalna.
3) Poore badan par is tarah paani bahaana ke ek baal baraabar bhi koi jagah sookhi na rahe.

غسل میں تین فرض ہیں:

۱) منہ بھر کر کلی کرنا۔
۲) ناک میں پانی ڈالنا۔
۳) پورے بدن پر اس طرح پانی بہانا کہ ایک بال برابر بھی کوئی جگہ سوکھی نہ رہے۔

| دستخط معلم | تاریخ | پہلے مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|
| | | |

# 3 - Aqaaid, Masaail
(Masaail)

# ۳- عقائد، مسائل
(مسائل)

## Sabaq 4

## سبق ۴

### Ghusl ko Farz karne Waali cheezein

### غسل کو فرض کرنے والی چیزیں

1) Sohbat karna, chaahe inzaal ho ya na ho.
2) Sone ya jaagne ki haalat mein ehtelaam ho jaana.

۱) صحبت کرنا، چاہے انزال ہو یا نہ ہو۔
۲) سونے یا جاگنے کی حالت میں احتلام ہو جانا۔

| پہلے مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

## Sabaq 5

## سبق ۵

### Ghusl ka Sunnat Tareeqa

### غسل کا سنّت طریقہ

Pehle donon haath gatton tak dhoein, phir istinja karein, badan par lagi huwi na paaki saaf karein, niyyat karein, mukammal wuzu karein, pehle sar par teen martaba paani daalein phir daayen kandhe par teen martaba paani daalein, saath saath haath se badan malte jaayein, paani badan par is tarah daalein ke baal baraabar jagah bhi sookhi na rahe. bas ghusl ho gaya.

پہلے دونوں ہاتھ گٹّوں تک دھوئیں، پھر استنجا کریں، بدن پر لگی ہوئی ناپاکی صاف کریں، نیت کریں، مکمل وضو کریں، پہلے سر پر تین مرتبہ پانی ڈالیں پھر دائیں کندھے پر تین مرتبہ پانی ڈالیں اس کے بعد بائیں کندھے پر تین مرتبہ پانی ڈالیں، ساتھ ساتھ ہاتھ سے بدن ملتے جائیں، پانی بدن پر اس طرح ڈالیں کہ بال برابر جگہ بھی سوکھی نہ رہے۔ بس غسل ہو گیا۔

Ab safaai haasil karne ke liye doosri cheezein masalan saaboon wagaira istemaal karna chaahein to saath saath woh bhi istemaal kar sakte hain. paaki alag cheez hai aur safaai alag, agar sehat kharaab

اب صفائی حاصل کرنے کے لیے دوسری چیزیں مثلاً صابون وغیرہ استعمال کرنا چاہیں تو ساتھ ساتھ وہ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ پاکی الگ چیز ہے اور صفائی الگ، اگر صحت خراب

hone ka andesha ho to thoda paani istemaal kar ke baghair safaai ke paaki haasil kar sakte hain. Haan, agar koi Maahir, tajrabakaar, amaanat daar, Musalmaan Doctor ya Hakeem ghusl karne se mana kare to ghusl ke bajaaye tayammum kar sakte hain.

ہونے کا اندیشہ ہو تو تھوڑا پانی استعمال کر کے بغیر صفائی کے پاکی حاصل کر سکتے ہیں۔ ہاں، اگر کوئی ماہر، تجربہ کار، امانت دار، مسلمان ڈاکٹر یا حکیم غسل کرنے سے منع کرے تو غسل کے بجائے تیمّم کر سکتے ہیں۔

| دستخط معلم | | تاریخ | | دوسرے مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|---|---|

## Sabaq 6

## سبق ۶

# Namaaz ke Saheeh hone ki shartein

# نماز کے صحیح ہونے کی شرطیں

**Namaaz ke baahar saat cheezien farz hain jinhein "sharaait-e-namaaz" kehte hain.**

نماز کے باہر سات چیزیں فرض ہیں جنہیں ''شرائطِ نماز'' کہتے ہیں۔

1) Badan ka paak hona.
2) Kapdon ka paak hona.
3) Jagah ka paak hona.
4) Satar ka chhupaana.
5) Namaaz ka waqt hona.
6) Qible ki taraf rukh karna.
7) Niyyat karna.

۱) بدن کا پاک ہونا۔
۲) کپڑوں کا پاک ہونا۔
۳) جگہ کا پاک ہونا۔
۴) ستر کا چھپانا۔
۵) نماز کا وقت ہونا۔
۶) قبلہ کی طرف رخ کرنا۔
۷) نیت کرنا۔

| دستخط معلم | | تاریخ | | دوسرے مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|---|---|

## Sabaq 7

## سبق ۷

### Namaaz ke Arkaan

### نماز کے ارکان

Namaaz ke andar chhe cheezien farz hain jinhein "arkaan" kehte hain.

نماز کے اندر چھ چیزیں فرض ہیں جنہیں ''ارکان'' کہتے ہیں۔

1) Takbeer-e-Tahreema (Allahu Akbar) kehna.
2) Qayaam karna yaani Seedha khada hona.
3) Qiraat karna yaani Quraan Majeed Padhna.
4) Rukoo karna.
5) Donon sajde karna.
6) Qa'ada-e-akheera mein tashahhud ki miqdaar baithna.

۱) تکبیرِ تحریمہ (اَللہُ اَکْبَرُ) کہنا۔
۲) قیام کرنا یعنی سیدھا کھڑا ہونا۔
۳) قرأت کرنا یعنی قرآن مجید پڑھنا۔
۴) رکوع کرنا۔
۵) دونوں سجدے کرنا۔
۶) قعدۂ اخیرہ میں تشہد کی مقدار بیٹھنا۔

| دوسرے مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

## Sabaq 8

## سبق ۸

### Namaaz ke waajibaat

### نماز کے واجبات

Aisi cheezein jo agar bhool se chhoot jaayein to sajda-e-ṣahw karna padta hai, warna namaaz lautaani padti hai. un ko WAAJIBAAT kehte hain.

ایسی چیزیں جو اگر بھول سے چھوٹ جائیں تو سجدۂ سہو کرنا پڑتا ہے، ورنہ نماز لوٹانی پڑتی ہے۔ اُن کو واجبات کہتے ہیں۔

1) Farz namaaz ki pehli do raka'aton ko qiraat ke liye khaas karna.

۱) فرض نماز کی پہلی دو رکعتوں کو قرأت کے لیے خاص کرنا۔

# 3 - Aqaaid, Masaail
## (Masaail)

2) Farz namaaz ki sirf pehli do rakaat mein aur tamaam namaazon ki har rakaat mein sura-e-Faatiha padhna.
3) Farz namaaz ki sirf pehli do rakaat mein aur tamaam namaazon ki har rakaat mein sura-e-Faatiha ke baad ek badi aayat ya chhoti teen aayatein padhna.
4) Sura-e-Faatiha ko Surat se pehle padhna.
5) Qiraat ke baad rukoo mein isi tarah har rakaat ke doosre sajdeh mein tarteeb qaaim rakhna.
6) Qauma karna yaani rukoo se uth kar seedha khada hona.
7) Jalsa karna yaani donon sajdon ke darmiyaan itminaan se baithna.
8) Taadeel-e-arkaan yaani rukoo, sajdah waghairah ko itminaan se achchhi tarah ada karna.
9) Qa'ada-e-oola yaani teen aur chaar rakaat waali namaaz mein do rakaat ke baad tashahhud ki miqdaar baithna.
10) Donon qa'adon mein tashahhud padhna.
11) Imaam ko Fajr, Maghrib, Isha, Juma, Eidain, Taraaweeh, aur Ramazaan-ul-Mubaarak ki witron mein aawaaz se qiraat karna.
12) Zohar aur Asr ki namaazon mein aahista aawaaz se padhna.

# ۳- عقائد، مسائل
## (مسائل)

۲) فرض نماز کی صرف پہلی دو رکعت میں اور تمام نمازوں کی ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ پڑھنا۔
۳) فرض کی نماز صرف پہلی دو رکعت میں اور تمام نمازوں کی ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک بڑی آیت یا چھوٹی تین آیتیں پڑھنا۔
۴) سورۂ فاتحہ کو سورۃ سے پہلے پڑھنا۔
۵) قرأت کے بعد رکوع میں اسی طرح ہر رکعت کے دوسرے سجدہ میں ترتیب قائم رکھنا۔
۶) قومہ کرنا یعنی رکوع سے اُٹھ کر سیدھا کھڑا ہونا۔
۷) جلسہ کرنا یعنی دونوں سجدوں کے درمیان اطمینان سے بیٹھنا۔
۸) تعدیل ارکان یعنی رکوع، سجدہ وغیرہ کو اطمینان سے اچھی طرح ادا کرنا۔
۹) قعدۂ اولیٰ یعنی تین اور چار رکعت والی نماز میں دو رکعت کے بعد تشہد کی مقدار بیٹھنا۔
۱۰) دونوں قعدوں میں تشہد پڑھنا۔
۱۱) امام کو فجر، مغرب، عشاء، جمعہ، عیدین، تراویح اور رمضان المبارک کی وتروں میں آواز سے قرأت کرنا۔
۱۲) ظہر اور عصر کی نمازوں میں آہستہ آواز سے پڑھنا۔

13) Lafz-e-Salaam se namaaz khatm karna.

14) Witr ki namaaz mein qunoot ke liye takbeer kehna aur duaa-e-Qunoot padhna.

15) Donon Eidon mein chai zaid takbeerein (Allaahu Akbar) Kehna.

۱۳) لفظ سلام سے نماز ختم کرنا۔

۱۴) وتر کی نماز میں قنوت کے لیے تکبیر کہنا اور دعائے قنوت پڑھنا۔

۱۵) دونوں عیدوں میں چھ زائد تکبیریں (اَللّٰہُ أَکْبَرُ) کہنا۔

| دوسرے مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

## Sabaq 9

### Sajda-e-Sahw kise kehte hain ?

Sahw ke maana bhool jaane ke hain. Bhoole se kabhi namaaz mein kami ya ziyaadti ho kar nuqsaan aa jaata hai, baaz nuqsaan aise hain ke un ko door karne ke liye namaaz ke aakhiri qaide mein tashhhud padhne ke baad daahini taraf salaam pher kar do sajde kiye jaate hain. Un ko **"sajda-e-sahw"** kehte hain.

### Sajda-e-Sahw kab karte hain ?

Namaaz mein koi waajib bhoole se choot jaaye, masalan Sura-e-Fatiha padhna bhool gaya.

Bhoole se ek rukn ke bad doosre rukn ke ada karne mein taakheer ho jaaye, jaise Qaaida-e-oola mein tashhhud ke baad tisri rakaat ke liye khade hone mein ek rukn (teen martaba **Subhaanallah**

## سبق ۹

### سجدۂ سہو کسے کہتے ہیں؟

سہو کے معنی بھول جانے کے ہیں، بھولے سے کبھی نماز میں کمی یا زیادتی ہو کر نقصان آجاتا ہے۔ بعض نقصان ایسے ہیں کہ ان کو دور کرنے کے لیے نماز کے آخری قعدہ میں تشہد پڑھنے کے بعد داہنی طرف سلام پھیر کر دو سجدے کئے جاتے ہیں۔ ان کو "سجدۂ سہو" کہتے ہیں۔

### سجدۂ سہو کب کرتے ہیں؟

☆ نماز میں کوئی واجب بھولے سے چھوٹ جائے مثلاً سورۂ فاتحہ پڑھنا بھول گیا۔

☆ بھولے سے ایک رکن کے بعد دوسرے رکن کے ادا کرنے میں تاخیر ہوجائے، جیسے قعدۂ اولیٰ میں تشہد کے بعد تیسری رکعت کے لیے کھڑے ہونے میں ایک رکن (تین مرتبہ سُبْحَانَ اللهِ

kahne) ki miqdaar der ho jaaye.

Kisi rukn ki tarteeb bhool kar aage peechhe ho jaaye, jaise pehle koi surat padh le phir sura-e-Faatiha padhe.

Koi waajib bhool se badal jaaye jaise sirri namaaz mein zor se qira'at kare, to in tamaam sooraton mein Sajda-e-Sahw waajib hoga.

**Note:** (a) Sajdah-e-Sahw ke zariye namaaz ki kami us waqt door hogi jab yeh tamaam baatein bhoole se hui hon, agar jaan boojh kar ki hai to sajda-e-Sahw kaafi naheen hoga balke namaaz dobaarah Padhni padegi.

(b) Agar ek namaaz mein kai martaba bhool se aisi baatein hojaayein jin se sajda-e-Sahw waajib hojaata hai to sirf ek martaba sajda-e-sahw kar lena kaafi hoga.

(c) Sajda-e-sahw ka hukm tamaam namaazon mein baraabar hai chaahe farz ho ya waajib, sunnat ho ya nafl.

## Sajda-e-Sahw ka tareeqa

Qa'ada-e-akheera mein tashahhud padhne ke baad ek taraf salaam phere aur do sajde kar le. Phir

کہنے) کی مقدار دیر ہو جائے۔

☆کسی رکن کی ترتیب بھول کر آگے پیچھے ہو جائے جیسے پہلے کوئی سورۃ پڑھ لے پھر سورۂ فاتحہ پڑھے۔

☆کوئی واجب بھول سے بدل جائے جیسے سرّی نماز میں زور سے قرأت کرے، تو ان تمام صورتوں میں سجدۂ سہو واجب ہوگا۔

**نوٹ:** (الف) سجدۂ سہو کے ذریعہ نماز کی کمی اس وقت دور ہوگی جب یہ تمام باتیں بھولے سے ہوئی ہوں، اگر جان بوجھ کر کی ہے تو سجدۂ سہو کافی نہ ہوگا بلکہ نماز دوبارہ پڑھنی پڑے گی۔

(ب) اگر ایک نماز میں کئی مرتبہ بھول سے ایسی باتیں ہو جائیں جن سے سجدۂ سہو واجب ہو جاتا ہے تو صرف ایک مرتبہ سجدۂ سہو کر لینا کافی ہوگا۔

(ج) سجدۂ سہو کا حکم تمام نمازوں میں برابر ہے چاہے فرض ہو یا واجب، سنت ہو یا نفل۔

## سجدۂ سہو کا طریقہ

قعدۂ اخیرہ میں تشہد پڑھنے کے بعد ایک طرف سلام پھیرے اور دو سجدے کر لے۔ پھر

## 3 - Aqaaid, Masaail (Masaail)

## ۳- عقائد، مسائل (مسائل)

baith kar tashahhud, durood shareef aur duaa-e-maaṣoorah padhe aur donon taraf salaam pher kar namaaz khatm kare. Agar kisi shakhs ne ek taraf bhi salaam na phera aur sajda-e-sahw kar liya to bhi namaaz ho jaaye gi.

Aur agar bhool kar donon taraf salaam pher liya phir sajda-e-sahw yaad aaya to agar baat na ki ho aur seena qible se na phera ho ya agar masjid mein ho to jab tak masjid se baahar na nikla ho to sajda-e-sahw kar sakta hai, namaaz durust ho jaaye gi.

بیٹھ کر تشہد ، دورد شریف اور دعائے ماثورہ پڑھے اور دونوں طرف سلام پھیر کر نماز ختم کرے۔ اگر کسی شخص نے ایک طرف بھی سلام نہ پھیرا اور سجدۂ سہو کرلیا تو بھی نماز ہو جائے گی۔

اور اگر بھول کر دونوں طرف سلام پھیر لیا پھر سجدۂ سہو یاد آیا تو اگر بات نہ کی ہو اور سینہ قبلہ سے نہ پھیرا ہو یا اگر مسجد میں ہو تو جب تک مسجد سے باہر نہ نکلا ہو تو سجدۂ سہو کر سکتا ہے، نماز درست ہو جائے گی۔

| دوسرے مہینہ میں پڑھائیں | | تاریخ | | دستخط معلم | |
|---|---|---|---|---|---|

## Sabaq 10

### Namaaz ko todne waali cheezein

1) Namaaz ki haalat mein baat karna, jaan kar ho ya bhool kar, thodi ho ya ziyaadah.
2) Namaaz se baahar waale kisi shakhs ki dua par aameen kehna.
3) Kisi dard ya takleef ki wajah se karaahna ya aah, ooh ya uf karna.
4) Quraan shareef dekh kar padhna.
5) Quraan Majeed padhne mein aisi ghalati karna ke jis se maana kharaab ho jaaye.

## سبق ۱۰

### نماز کو توڑنے والی چیزیں

۱) نماز کی حالت میں بات کرنا، جان کر ہو یا بھول کر، تھوڑی ہو یا زیادہ۔
۲) نماز سے باہر والے کسی شخص کی دعا پر آمین کہنا۔
۳) کسی درد یا تکلیف کی وجہ سے کراہنا یا آہ، اُوہ یا اُف کرنا۔
۴) قرآن شریف دیکھ کر پڑھنا۔
۵) قرآن مجید پڑھنے میں ایسی غلطی کرنا کہ جس سے معنی خراب ہو جائے۔

# 3- Aqaaid, Masaail (Masaail)

# ۳- عقائد، مسائل (مسائل)

6) Namaaz ki haalat mein koi aisa kaam karna jis ki wajah se dekhne waala yeh samjhe ke yeh shakhs namaaz naheen padh raha hai.

۶) نماز کی حالت میں کوئی ایسا کام کرنا جس کی وجہ سے دیکھنے والا یہ سمجھے کہ یہ شخص نماز نہیں پڑھ رہا ہے۔

7) Namaaz padhte huwe koi cheez kha pee lena.

۷) نماز پڑھتے ہوئے کوئی چیز کھا پی لینا۔

8) Qible ki taraf se baghair kisi uzr ke seena pher lena.

۸) قبلہ کی طرف سے بغیر کسی عذر کے سینہ پھیر لینا۔

9) Naapaak jagah par sajda karna.

۹) ناپاک جگہ پر سجدہ کرنا۔

10) Imaam se aage badh jaana.

۱۰) امام سے آگے بڑھ جانا۔

11) Namaaz mein koi farz chhod dena.

۱۱) نماز میں کوئی فرض چھوڑ دینا۔

| دستخط معلم | تاریخ | دوسرے مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|
| | | |

## Sabaq 11

## سبق ۱۱

## Namaaz ka Tareeqa

## نماز کا طریقہ

### Qayaam aur donon haathon ko uthaane ka tareeqa

### قیام اور دونوں ہاتھوں کو اُٹھانے کا طریقہ

1) Takbeer-e-tahreema ke waqt seedha khada hona, yaani sar ko na jhukaana.

۱) تکبیر تحریمہ کے وقت سیدھا کھڑا ہونا، یعنی سر کو نہ جھکانا۔

2) Takbeer-e-tahreema ke waqt donon haathon ko kaanon tak uthaana.

۲) تکبیر تحریمہ کے وقت دونوں ہاتھوں کو کانوں تک اُٹھانا۔

3) Hatheliyon ko qible ki taraf rakhna.

۳) ہتھیلیوں کو قبلہ کی طرف رکھنا۔

4) Ungliyon ko apni haalat par rakhna, yaani na ziyaada khuli rakhna aur na ziyaada band rakhna.

۴) انگلیوں کو اپنی حالت پر رکھنا، یعنی نہ زیادہ کھلی رکھنا اور نہ زیادہ بند رکھنا۔

# 3 - Aqaaid, Masaail

(Masaail)

5) Donon pairon ke darmiyaan kam se kam chaar ungal ka faasla rakhna aur pairon ki ungliyan qible ki taraf rakhna.

6) Haalat-e-qayaam mein nigaah ko sajde ki jagah rakhna, jhuk kar khada na hona.

**Note** : Takbeer-e-tahreema ke waqt haathon se kaanon ko chhoona zaroori naheen.

### Haath baandhne ka tareeqa

1) Daahne haath ki hatheli baayen haath ki hatheli ki pusht par rakhna.

2) Chhoti ungli aur angoothe se halqa bana kar gatte ko pakadna.

3) Beech ki teen ungliyon ko kalaai par rakhna.

4) Naaf ke neeche haath baandhna.

### Qiraat ka tareeqa

1) Sana ke baad ta'awwuz yaani **"A'oozubillaahi minash shaitaanir rajeem"** padhna.

2) Phir tasmiyah yaani **"Bismillaahir rahmaanir raheem"** padhna.

3) Us ke baad Sura-e-Faatiha Padhna.

4) Phir koi surat ya kam se kam teen aayatein padhna.

# ۳- عقائد، مسائل

(مسائل)

۵) دونوں پیروں کے درمیان کم سے کم چار انگل کا فاصلہ رکھنا اور پیروں کی انگلیاں قبلہ کی طرف رکھنا۔

۶) حالت قیام میں نگاہ کو سجدہ کی جگہ رکھنا، جھک کر کھڑا نہ ہونا۔

نوٹ: تکبیر تحریمہ کے وقت ہاتھوں سے کانوں کو چھونا ضروری نہیں۔

### ہاتھ باندھنے کا طریقہ

۱) داہنے ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی پشت پر رکھنا۔

۲) چھوٹی انگلی اور انگوٹھے سے حلقہ بنا کر گٹے کو پکڑنا۔

۳) بیچ کی تین انگلیوں کو کلائی پر رکھنا۔

۴) ناف کے نیچے ہاتھ باندھنا۔

### قرأت کا طریقہ

۱) ثناء کے بعد تعوذ یعنی "اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ" پڑھنا۔

۲) پھر تسمیہ یعنی "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ" پڑھنا۔

۳) اس کے بعد سورۂ فاتحہ پڑھنا۔

۴) پھر کوئی سورۃ یا کم سے کم تین آیتیں پڑھنا۔

# 3 - Aqaaid, Masaail
## (Masaail)

5) padhne mein a ziyaada jaldi karna aur na ziyaada theher kar padhna, balke darmiyaani raftaar se padhna.

**Note :** Agar imaam ke peechhe ho to khaamosh khade ho kar ghaur se sune aur jab imaam ki Sura-e-Faatiha khatm ho to aahista se aameen kahe.

### Rukoo ka tareeqa

1) Rukoo ki takbeer kehte huwe rukoo mein jaana.
2) Rukoo mein donon haathon se ghutnon ko pakadna.
3) Ghutnon ko pakadne mein ungliyon ko khula rakhna.
4) Pindliyon ko seedha rakhna.
5) Peeth ko bilkul seedha rakhna.
6) Sar aur kamar ko baraabar rakhna.
7) Rukoo mein kam se kam teen martaba **"Subḥaana Rabbiyal 'Aẕeem"** kehna.
8) Rukoo se uthte huwe imaam ko **"Sami'allaahu liman ḥamidah"** muqtadi ko **"Rabbanaa lakal ḥamd"** aur akele namaaz padhne waale ko donon kehna.

**Note :** Rukoo mein nigaahein qadmon par hon. Rukoo se uthne ke baad seedha khada hone ko "Qauma" kehte hain.

# ۳- عقائد، مسائل
## (مسائل)

۵) پڑھنے میں نہ زیادہ جلدی کرنا اور نہ زیادہ ٹھہر کر پڑھنا، بلکہ درمیانی رفتار سے پڑھنا۔

نوٹ: اگر امام کے پیچھے ہو تو خاموش کھڑے ہو کر غور سے سنے اور جب امام کی سورۂ فاتحہ ختم ہو تو آہستہ سے آمین کہے۔

### رکوع کا طریقہ

۱) رکوع کی تکبیر کہتے ہوئے رکوع میں جانا۔
۲) رکوع میں دونوں ہاتھوں سے گھٹنوں کو پکڑنا۔
۳) گھٹنوں کو پکڑنے میں انگلیوں کو کھلا رکھنا۔
۴) پنڈلیوں کو سیدھا رکھنا۔
۵) پیٹھ کو بالکل سیدھا رکھنا۔
۶) سر اور کمر کو برابر رکھنا۔
۷) رکوع میں کم سے کم تین مرتبہ "سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ" کہنا۔
۸) رکوع سے اُٹھتے ہوئے امام کو "سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ" مقتدی کو "رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ" اور اکیلے نماز پڑھنے والے کو دونوں کہنا۔

نوٹ: رکوع میں نگاہیں قدموں پر ہوں۔ رکوع سے اُٹھنے کے بعد سیدھا کھڑا ہونے کو "قومہ" کہتے ہیں۔

## 3 - Aqaaid, Masaail
(Masaail)

### Sajde mein jaane ka tareeqa

1) Rukoo se uth kar itminaan se bilkul seedha khada hona.
2) Sajde mein jaate waqt sar aur seene ko na jhukaana, balke seedha rakhna.
3) Pehle donon ghutnon ko zameen par rakhna phir donon haathon ko, phir naak aur phir peshaani.

### Sajde ka Tareeqa

1) Sajde ki takbeer kehna.
2) Donon haathon ke darmiyaan sajdah karna
3) Sajde mein naak aur peshaani donon cheezon ko zameen par rakhna.
4) Sajde mein pet ko raanon se alag rakhna.
5) Pehluon ko baazuon se alag rakhna.
6) Kohniyon ko zameen se alag rakhna.
7) Sajde mein kam se kam teen martaba **"Subḥaana Rabbiyal a'alaa"** padhna.
8) Sajde ki haalat mein pairon ki ungliyon ko zameen par rakhte huwe qible ki taraf modna.
9) Sajde ki haalat mein haath ki ungliyon ko mili hui rakhna aur nigaahein naak par rakhna.
10) Sajde se uthne ki takbeer kehna.

## ۳۔ عقائد، مسائل
(مسائل)

### سجدہ میں جانے کا طریقہ

۱) رکوع سے اُٹھ کر اطمینان سے بالکل سیدھا کھڑا ہونا۔
۲) سجدہ میں جاتے وقت سر اور سینہ کو نہ جھکانا، بلکہ سیدھا رکھنا۔
۳) پہلے دونوں گھٹنوں کو زمین پر رکھنا پھر دونوں ہاتھوں کو، پھر ناک اور پھر پیشانی۔

### سجدہ کا طریقہ

۱) سجدہ کی تکبیر کہنا۔
۲) دونوں ہاتھوں کے درمیان سجدہ کرنا۔
۳) سجدہ میں ناک اور پیشانی دونوں چیزوں کو زمین پر رکھنا۔
۴) سجدہ میں پیٹ کو رانوں سے الگ رکھنا۔
۵) پہلوؤں کو بازوؤں سے الگ رکھنا۔
۶) کہنیوں کو زمین سے الگ رکھنا۔
۷) سجدہ میں کم سے کم تین مرتبہ "سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى" پڑھنا۔
۸) سجدہ کی حالت میں پیروں کی انگلیوں کو زمین پر رکھتے ہوئے قبلہ کی طرف موڑنا۔
۹) سجدہ کی حالت میں ہاتھ کی انگلیوں کو ملی ہوئی رکھنا اور نگاہیں ناک پر رکھنا۔
۱۰) سجدہ سے اُٹھنے کی تکبیر کہنا۔

# 3 - Aqaaid, Masaail (Masaail)

# ۳- عقائد، مسائل (مسائل)

Note: Donon sajdon ke darmiyaan itminaan se baithne ko "Jalsa" kehte hain, yeh jalsa waajib hai is liye is par khaas tawajjuh dena chaahye.

نوٹ: دونوں سجدوں کے درمیان اطمینان سے بیٹھنے کو "جلسہ" کہتے ہیں، یہ جلسہ واجب ہے اس لیے اس پر خاص توجہ دینا چاہیے۔

### Sajde se uthne ka tareeqa

### سجدہ سے اُٹھنے کا طریقہ

1) Sajde se uthte waqt pehle peshaani phir naak phir donon haath, phir ghutnon ko uthaana.
2) Sajde se uthte waqt bhi sar aur seena na jhukaana balke seedha hi rakhna.

۱) سجدہ سے اُٹھتے وقت پہلے پیشانی پھر ناک پھر دونوں ہاتھ پھر گھٹنوں کو اُٹھانا۔
۲) سجدہ سے اُٹھتے وقت بھی سر اور سینہ نہ جھکانا بلکہ سیدھا ہی رکھنا۔

### Q'aade ka Tareeqa

### قعدہ کا طریقہ

1) Daaein pair ko khada rakhna aur baaein pair ko bichha kar us par baithna aur pair ki ungliyon ko qible ki taraf rakhna.
2) Donon haathon ko raanon par rakhna.
3) Tashahhud mein **"Laa ilaaha"** par shahaadat ki ungli uthaana aur **"illallaahu"** par rakh dena.
4) Q'aada-e-akheerah mein Durood shareef padhna.
5) Darood shareef ke baad dua-e-masoorah padhna.

**Note:** Q'aade ki haalat mein nigaah god mein rakhe.

۱) دائیں پیر کو کھڑا رکھنا اور بائیں پیر کو بچھا کر اس پر بیٹھنا اور پیر کی انگلیوں کو قبلہ کی طرف رکھنا۔
۲) دونوں ہاتھوں کو رانوں پر رکھنا۔
۳) تشہد میں "لَا إِلٰهَ" پر شہادت کی انگلی اُٹھانا اور "إِلَّا اللّٰهُ" پر رکھ دینا۔
۴) قعدۂ اخیرہ میں درود شریف پڑھنا۔
۵) درود شریف کے بعد دعائے ماثورہ پڑھنا۔

نوٹ: قعدہ کی حالت میں نگاہ گود میں رکھے۔

### Salaam Pherne ka Tareeqat

### سلام پھیرنے کا طریقہ

1) Donon taraf salaam pherna.
2) Salaam ki ibteda daahni taraf se karna.

۱) دونوں طرف سلام پھیرنا۔
۲) سلام کی ابتدا داہنی طرف سے کرنا۔

# 3 - Aqaaid, Masaail
(Masaail)

# ۳- عقائد، مسائل
(مسائل)

3) Imaam ko muqtadiyon, farishton aur nek jinnaat ki niyat karna.

4) Muqtadi ko imaam, farishton, nek jinnaat aur daaein baaein muqtadiyon ki niyat karna.

5) Munfarid ko sirf farishton ki niyat karna.

6) Muqtadi ko Imaam ke saath saath salaam pherna.

7) Doosre salaam ki aawaaz ko pehle salaam ki aawaaz se past karna.

**Note:** Salaam pherte waqt gardan ko itna modein ke peechhe ke logon ko rukhsaar (gaal) nazar aaye.

**Aurton ki namaaz ka farq**

1) Aurat takbeer-e-tahreema ke waqt apne donon haath kandhon tak uthaaye lekin haathon ko do patte se baahar na nikaale.

2) Aurat seene par haath baandhe aur sirf daahne haath ki hatheeli ko baayein haath ki pusht par rakhe aur donon bazuon ko pehluwon se khoob milaaye rakhe aur donon pair ke takhnon ko bilkul mila de.

3) Sajde mein aurtein paaon khadaa na karein balke daahni taraf ko nikaal dein aur khoob simat kar

۳) سلام پھیرتے وقت امام کو مقتدیوں، فرشتوں اور نیک جنات کی نیت کرنا۔

۴) مقتدی کو امام، فرشتوں، نیک جنات اور دائیں بائیں مقتدیوں کی نیت کرنا۔

۵) منفرد کو صرف فرشتوں کی نیت کرنا۔

۶) مقتدی کو امام کے ساتھ ساتھ سلام پھیرنا۔

۷) دوسرے سلام کی آواز کو پہلے سلام کی آواز سے پست کرنا۔

نوٹ: سلام پھیرتے وقت گردن کو اتنا موڑیں کے پیچھے کے لوگوں کو رخسار (گال) نظر آئے۔

## عورتوں کی نماز کا فرق

۱) عورت تکبیر تحریمہ کے وقت اپنے دونوں ہاتھ کندھوں تک اُٹھائے لیکن ہاتھوں کو دوپٹہ سے باہر نہ نکالے۔

۲) عورت سینہ پر ہاتھ باندھے اور صرف داہنے ہاتھ کی ہتھیلی کو بائیں ہاتھ کی پُشت پر رکھے اور دونوں بازوؤں کو پہلوؤں سے خوب ملائے رکھے اور دونوں پیر کے ٹخنوں کو بالکل ملا دے۔

۳) سجدہ میں عورتیں پاؤں کھڑا نہ کریں بلکہ داہنی طرف کو نکال دیں اور خوب سمٹ کر

aur dab kar sajda karein ke pet donon raanon se aur baahein donon pehlu se mila dein aur donon baahon ko zameen par rakh dein.

اور دب کر سجدہ کریں کہ پیٹ دونوں رانوں سے اور باہیں دونوں پہلو سے ملا دیں اور دونوں باہوں کو زمین پر رکھ دیں۔

4) Q'aade mein jab baithein to donon paaon ko daahni taraf nikaal dein aur donon haathon ko raanon par rakh dein aur ungliyaan khoob mila kar rakhein.

۴) قعدہ میں جب بیٹھیں تو دونوں پاؤں کو داہنی طرف نکال دیں اور دونوں ہاتھوں کو رانوں پر رکھ دیں اور اُنگلیاں خوب ملا کر رکھیں۔

## Namaaz ki Tarkeeb

## نماز کی ترکیب

Namaaz padhne ke liye ba wuzu qible ki taraf rukh karke khada ho jaaye aur jo namaaz padhna ho dil mein us ki niyyat karle, jaise Fajr ki namaaz ya Zohr ki namaaz padh rahaa hoon, aur farz, sunnat ya nafl namaaz ki t'ayeen kar le. Yeh niyyat zabaan se bhi kehna behtar hai. Niyyat karne ke baad donon haath donon kaan ki lau tak utha kar takbeer-e-tahreema yaani "ALLAAHU AKBAR" kahe aur donon haathon ko naaf' ke neeche baandh le. Phir sana padhe:

نماز پڑھنے کے لیے باوضو قبلہ کی طرف رخ کر کے کھڑا ہو جائے اور جو نماز پڑھنا ہو دل میں اس کی نیت کر لے، جیسے فجر کی نماز یا ظہر کی نماز پڑھ رہا ہوں، اور فرض، سنت یا نفل نماز کی تعیین کر لے۔ یہ نیت زبان سے بھی کہنا بہتر ہے۔ نیت کرنے کے بعد دونوں ہاتھ دونوں کان کی لو تک اُٹھا کر تکبیر تحریمہ یعنی "اَللّٰهُ أَكْبَرُ" کہے اور دونوں ہاتھوں کو ناف کے نیچے باندھ لے۔ پھر ثنا پڑھے:

**Subḥaanakallaa humma wa biḥamdika wa tabaarakasmuka wa ta'aalaa jadduka wa laa ilaaha ghairuk**

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ

phir ta'awwuz padhe:

پھر تعوذ پڑھے:

**A'oozubillaahi minash shaitaanir rajeem**

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

phir tasmiyah padhe :

پھر تسمیہ پڑھے:

**Bismillaahir rahmaanir raheem.**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

Phir Sura-e-Faatiha Padhe :

پھر سورۂ فاتحہ پڑھے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۱ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝۲ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝۳
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝۴ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝۵ صِرَاطَ
الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝۷

Sura-e-Fatiha padhne ke baad bilkul aahista se **"Aameen"** kahe.

سورۂ فاتحہ پڑھنے کے بعد بالکل آہستہ سے "آمین" کہے۔

phir **"Bismillaah........"** Padhe.

پھر "بِسْمِ اللّٰهِ ............" پڑھے۔

Phir Quraan ki koi Surat padhe, masalan:

پھر قرآن کی کوئی سورۃ پڑھے، مثلاً:

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝۱ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝۲ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝۳

Phir **"Allaahu Akbar"** kehte huwe rukoo mein jaaye, phir rukoo ki tasbeeh **"Subḥaana rabbiyal aẕeem"** kam se kam teen baar padhe, phir **"Sami 'Allaahu liman ḥamidah"** kehte huwe itmenaan se seedha khada ho jaaye. Phir **"Rabbanaa Lakal ḥamd"** kahe, agar

پھر "اَللّٰهُ أَكْبَرُ" کہتے ہوئے رکوع میں جائے۔ پھر رکوع کی تسبیح "سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ" کم سے کم تین بار پڑھے۔ پھر "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ" کہتے ہوئے اطمینان سے سیدھا کھڑا ہو جائے۔ پھر "رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ" کہے، اگر

## 3 - Aqaaid, Masaail
(Masaail)

## ۳۔ عقائد، مسائل
(مسائل)

Imaam ke peechhe ho to imaam ke **"Sami 'Allaahu liman ḥamidah"** kehne ke baad **"Rabbanaa Lakal ḥamd"** Kahe. phir **"Allaahu Akbar"** kehte huwe sajde mein jaaye aur sajde ki tasbeeh **"Subḥaana Rabbiyal a'alaa"** kam se kam teen martaba padhe. Phir **"Allaahu Akbar"** kehte huwe itmenaan se baith jaaye, phir **"Allaahu Akbar"** kehte huwe doosre sajde mein jaaye aur sajde ki tasbeeh **"Subḥaana Rabbiyal a'alaa"** kam se kam teen martaba padhe, phir**"Allaahu Akbar"** kehte huwe doosri rakat ke liye seedha khada ho jaaye. Phir isi tarah **"Bismillaah"** aur Sura-e-Faatiha padhe, phir **"Bismillaah..."** padh kar koi surah padhe, maslan

امام کے پیچھے ہو تو امام کے '' سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ '' کہنے کے بعد '' رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ '' کہے۔ پھر ''اَللّٰهُ أَكْبَرُ'' کہتے ہوئے سجدہ میں جائے اور سجدہ کی تسبیح '' سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى '' کم سے کم تین مرتبہ پڑھے۔ پھر ''اَللّٰهُ أَكْبَرُ'' کہتے ہوئے اطمینان سے بیٹھ جائے پھر ''اَللّٰهُ أَكْبَرُ'' کہتے ہوئے دوسرے سجدہ میں جائے اور سجدہ کی تسبیح '' سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى '' کم سے کم تین مرتبہ پڑھے پھر ''اَللّٰهُ أَكْبَرُ'' کہتے ہوئے دوسری رکعت کے لیے سیدھا کھڑا ہو جائے۔ پھر اسی طرح ''بِسْمِ اللّٰهِ'' اور سورۂ فاتحہ پڑھے، پھر ''بِسْمِ اللّٰهِ...'' پڑھ کر کوئی سورۃ پڑھے، مثلاً

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝١ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝٢ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝٣
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝٤

aur isi tarah doosri rakat poori kar ke q'aade mein baith jaaye. Phir tashahhud padhe **"Attaḥiyyaatu lillaahi"....** aakhir tak. Jab **"Ash hadu"** par pahonche to beech ki ungli aur angoothe se halqa banaa le aur **"Laa ilaaha"** kehte

اور اسی طرح دوسری رکعت پوری کر کے قعدہ میں بیٹھ جائے۔ پھر تشہد پڑھے '' اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ... '' آخر تک۔ جب '' أَشْهَدُ '' پر پہنچے تو بیچ کی انگلی اور انگوٹھے سے حلقہ بنالے اور '' لَا إِلٰهَ '' کہتے

# 3 - Aqaaid, Masaail
(Masaail)

# ۳۔ عقائد، مسائل
(مسائل)

waqt shahaadat ki ungli uthaaye aur **"illallaahu"** par ungli jhuka de magar halqe ki haalat ko namaaz ke akheer tak barqaraar rakhe phir durood shareef padhe **"Allahumma ṣalli 'alaa muḥammad ....."** aakhir tak phir dua-e-maasoora padhe **"Allaahumma innee ẓalamtu nafsee ....."** aakhir tak, phir **"Assalaamu 'alaikum wa raḥmatullaah"** kehte huwe pehle daaein jaanib phir baaien jaanib salaam phere, is tarah do rakat namaaz poori huwi. Aur agar teen ya chaar rakat waali namaaz padh raha ho to **"Attaḥiyyaat"** ke baad fauran teesri rakaat ke liye khada ho jaaye aur (farz namaaz ke alaawah) bataaye huwe tareeqe ke mutaabiq baqiya rakaatein poori kar ke Qaaida-e-akheerah mein baith jaaye (farz namaaz ki teesri aur chauthi rakaat mein sirf Sura-e-Faatiha padhe aur koi surat na padhe) aur attaḥiyaat, durood shareef aur dua-e-maasoora padhne ke baad salaam pher kar namaaz mukammal kare.

وقت شہادت کی انگلی اُٹھائے اور ’’ إِلَّا اللّٰهُ ‘‘ پر انگلی جھکا دے مگر حلقہ کی حالت کو نماز کے اخیر تک برقرار رکھے پھر درود شریف پڑھے ’’ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ ...... ‘‘ آخر تک پھر دعائے ماثورہ پڑھے ’’ اَللّٰهُمَّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي .... ‘‘ آخر تک، پھر ’’ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ ‘‘ کہتے ہوئے پہلے دائیں جانب پھر بائیں جانب سلام پھیرے، اس طرح دو رکعت نماز پوری ہوئی۔ اور اگر تین یا چار رکعت والی نماز پڑھ رہا ہو تو ’’ التحیات ‘‘ کے بعد فوراً تیسری رکعت کے لیے کھڑا ہو جائے اور (فرض نماز کے علاوہ) بتائے ہوئے طریقہ کے مطابق بقیہ رکعتیں پوری کر کے قعدۂ اخیرہ میں بیٹھ جائے اور (فرض نماز کی تیسری اور چوتھی رکعت میں صرف سورۂ فاتحہ پڑھے اور کوئی سورۃ نہ پڑھے) اور التحیات، درود شریف اور دعائے ماثورہ پڑھنے کے بعد سلام پھیر کر نماز مکمل کرے۔

| | | |
|---|---|---|
| تیسرے مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |

## Sabaq 12

# Kalimaat-e-Namaaz

**Takbeer-e-Taḥreema :**

**Allaahu Akbar**

**Tarjamah :** Allaah sab se bada hai.

**Rukoo ki tasbeeḥ :**

**Subḥaana Rabbiyal 'Aẕeem**

**Tarjamah :** Main apne azeem Rab ki paaki bayaan karta hoon.

**Tasmee':** (Rukoo' se uthte huwe kahe)

**Sami 'Allaahu liman ḥamidah**

**Tarjamah :** Allaah ta'ala ne sun li us shakhs ki jis ne us ki taareef ki.

**Taḥmeed :** (Jab seedha khada ho jaaye to kahe)

**Rabbanaa lakal ḥamd**

**Tarjamah :** Aye hamaare Rab! tamaam taareefein tere hi liye hain.

**Sajde ki tasbeeh :**

**Subḥaana Rabbiyal a'alaa**

**Tarjamah :** Main apne buland Rab ki paaki bayaan karta hoon.



## سبق ۱۲

# کلماتِ نماز

**تکبیرِ تحریمہ: اَللّٰہُ أَکْبَرُ**

ترجمہ: اللہ سب سے بڑا ہے۔

**رکوع کی تسبیح: سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ**

ترجمہ: میں اپنے عظیم رب کی پاکی بیان کرتا ہوں۔

**تسمیع:** (رکوع سے اُٹھتے ہوئے کہے)

**سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ**

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے سُن لی اس شخص کی جس نے اس کی تعریف کی۔

**تحمید:** (جب سیدھا کھڑا ہوجائے تو کہے)

**رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ**

ترجمہ: اے ہمارے رب! تمام تعریفیں تیرے ہی لیے ہیں۔

**سجدہ کی تسبیح: سُبْحَانَ رَبِّیَ الْأَعْلٰی**

ترجمہ: میں اپنے بلند رب کی پاکی بیان کرتا ہوں۔

## 3 - Aqaaid, Masaail (Masaail)

## ۳۔ عقائد، مسائل (مسائل)

**Salaam : Assalaamu 'alaikum wa raḥmatullaah**

**Tarjamah:** Tum par salaamati aur Allaah ki Rahmat ho.

سلام: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

ترجمہ: تم پر سلامتی اور اللہ کی رحمت ہو۔

| تیسرے مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

## Sabaq 13

### Ṣana

## سبق ۱۳

### ثنا

**Subḥaanakallaahumma wa biḥamdika wa tabaarakas muka wa ta'aalaa jadduka walaa ilaaha ghairuk**

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ

**Tarjamah:** Aye Allaah! hum teri paaki ka iqraar karte hain aur teri taareef bayaan karte hain aur tera naam bahot barkat waala hai aur teri buzurgi bartar hai aur tere siwa koi ibaadat ke laaiq naheen.

**Note:** Namaaz ki tamaam duaaein yaad karaadi jaayein aur un ke tarjame samjha diye jaayein.

ترجمہ: اے اللہ! ہم تیری پاکی کا اقرار کرتے ہیں اور تیری تعریف بیان کرتے ہیں اور تیرا نام بہت برکت والا ہے اور تیری بزرگی برتر ہے اور تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

نوٹ: نماز کی تمام دعائیں یاد کرادی جائیں اور ان کے ترجمے سمجھا دیے جائیں۔

| تیسرے مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

# Sabaq 14

# سبق ۱۴

## Tashahhud (Attahiyyaat)

## تشہد (التحیات)

Attaḥiyyaatu lillaahi waṣṣala waatu waṭṭayyibaatu assalaamu ‘alaika ayyuhan nabiyyu waraḥmatullaahi wa barakaatuh, assalaamu ‘alainaa wa ‘alaa ‘ibaadillaahiṣ ṣaaliḥeen, ash hadu allaa ilaaha illallaahu wa ash hadu anna Muḥammadan ‘abduhoo wa rasooluh

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِيْنَ، أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

**Tarjamah :** Tamaam qauli ibaadatein aur tamaam fe‘ali ibaadatein aur tamaam maali ibaadatein Allaah ta‘ala hi ke liye hain, Aye Nabi! Aap par salaam aur Allaah ki rahmat aur Us ki barkatein hon, aur salaam ho hum par aur Allaah ke nek bandon par, main gawaahi deta hoon ke Allaah ke siwa koi ma’abood naheen aur main gawaahi deta hoon ke Muhammad ﷺ Allaah ke bande aur us ke Rasool hain.

ترجمہ: تمام قولی عبادتیں اور تمام فعلی عبادتیں اور تمام مالی عبادتیں اللہ ہی کے لیے ہیں، اے نبی! آپ پر سلام ہو اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں، اور سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندہ اور اس کے رسول ہیں۔

| چوتھے مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

# 3 - Aqaaid, Masaail
(Masaail)

## Sabaq 19

### Azaan ki sunnatein

1) Ba wuzu azaan dena. [Sunan-e-kubra]
2) Khade ho kar azaan dena. [At-Talkhees-ul-Habeer]
3) Qibla rukh ho kar azaan dena. [Sunan-e-Kubra]
4) Unchi jagah par azaan dena. [At-Talkhees-ul-Habeer]
5) Donon kaanon mein ungliyaan daal kar azaan dena. [Ibn-e-maaja]
6) Buland aawaaz se azaan dena. [Sunan-e-Kubra]
7) Thaher thaher kar azaan dena. [Tirmizi]
8) **"ḤAYYA 'ALAṢ ṢALAAH"** par daayein jaanib aur **"ḤAYYA 'ALAL FALAAḤ"** par baayien jaanib chehra pherna. [Sunan-e-Kubra]
9) Azaan ke jawaab mein muazzin ke tamaam kalimaat dohraana. [Bukhaari]
10) **"ḤAYYA 'ALAṢ ṢALAAH"** aur **"ḤAYYA 'ALAL FALAAḤ"** ke jawaab mein **"LA ḤAWLA WALAA QUWWATA ILLA BILLAAH"** kehna. [Muslim]
11) **"ASSALAATU KHAIRUM MINAN NAUM"** ke jawaa mein **"SADAQT WA BARART"** bhi kehna.
12) Azaan ke baad ki dua **"ALLAAHUMMA RABBA HAAZIHID DA'AWATIT-TAAMMAH"**........... Akheer tak padhna. [Bukhaari]

# ۳۔ عقائد، مسائل
(مسائل)

## سبق ۱۹

### اذان کی سنّتیں

۱) باوضو اذان دینا۔ [سنن کبریٰ]
۲) کھڑے ہوکر اذان دینا۔ [التلخیص الحبیر]
۳) قبلہ رخ ہوکر اذان دینا۔ [سنن کبریٰ]
۴) اونچی جگہ پر اذان دینا۔ [التلخیص الحبیر]
۵) دونوں کانوں میں انگلیاں ڈال کر اذان دینا۔ [ابن ماجہ]
۶) بلند آواز سے اذان دینا۔ [سنن کبریٰ]
۷) ٹھہر ٹھہر کر اذان دینا۔ [ترمذی]
۸) "حَيَّ عَلَى الصَّلٰوة" پر دائیں جانب اور "حَيَّ عَلَى الْفَلَاح" پر بائیں جانب چہرہ پھیرنا۔ [سنن کبریٰ]
۹) اذان کے جواب میں مؤذن کے تمام کلمات دہرانا۔ [بخاری]
۱۰) "حَيَّ عَلَى الصَّلٰوة" اور "حَيَّ عَلَى الْفَلَاح" کے جواب میں "لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ" کہنا۔ [مسلم]
۱۱) "اَلصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ" کے جواب میں "صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ" بھی کہنا۔
۱۲) اذان کے بعد کی دعا "اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ ..." اخیر تک پڑھنا۔ [بخاری]

# 3 - Aqaaid, Masaail (Masaail)

# ۳- عقائد، مسائل (مسائل)

13) Azaan ke baad masjid se na nikalna. [Musannaf ibn-e-Abdur Razzaq]

۱۲) اذان کے بعد مسجد سے نہ نکلنا۔ [مصنف ابن عبدالرزاق]

| پانچویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

## Sabaq 20

## سبق ۲۰

## Azaan ke kalimaat

## اذان کے کلمات

| | |
|---|---|
| Allaahu Akbar Allaahu Akbar | اَللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُ أَكْبَرُ |
| Allaahu Akbar Allaahu Akbar | اَللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُ أَكْبَرُ |
| Ashhadu allaa ilaaha illallaah | أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ |
| Ashhadu allaa ilaaha illallaah | أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ |
| Ashhadu anna Muḥammadar Rasoolullaah | أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهُ |
| Ashhadu anna Muḥammadar Rasoolullaah | أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهُ |
| Ḥayya ‘alaṣ ṣalaah | حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةُ |
| Ḥayya ‘alaṣ ṣalaah | حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةُ |
| Ḥayya ‘alal falaaḥ | حَيَّ عَلَى الْفَلَاحُ |
| Ḥayya ‘alal falaaḥ | حَيَّ عَلَى الْفَلَاحُ |
| Allaahu Akbar Allaahu Akbar | اَللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُ أَكْبَرُ |
| Laa ilaaha illallaah | لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ |

# 3 - Aqaaid, Masaail (Masaail)

# ۳۔ عقائد، مسائل (مسائل)

Note : Fajr ki azaan mein **“Ḥayya ‘alal falaaḥ”** ke baad do martaba **“Aṣṣalaatu khairum minan naum”** ka izaafa kiya jaata hai.

نوٹ: فجر کی اذان میں ”حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ“ کے بعد دو مرتبہ ”اَلصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ“ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

| دستخط معلم | تاریخ | پانچویں مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|

## Sabaq 21

## سبق ۲۱

## Iqaamat

## اقامت

| | |
|---|---|
| **Allaahu Akbar Allaahu Akbar** | اَللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُ أَكْبَرُ |
| **Allaahu Akbar Allaahu Akbar** | اَللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُ أَكْبَرُ |
| **Ashhadu allaa ilaaha illallaah** | أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ |
| **Ashhadu allaa ilaaha illallaah** | أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ |
| **Ashhadu anna Muḥammadar Rasoolullaah** | أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ |
| **Ashhadu anna Muḥammadar Rasoolullaah** | أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ |
| **Ḥayya ‘alaṣ ṣalaah** | حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ |
| **Ḥayya ‘alaṣ ṣalaah** | حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ |
| **Ḥayya ‘alal falaaḥ** | حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ |
| **Ḥayya ‘alal falaaḥ** | حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ |

| | |
|---|---|
| Qad qaamatiṣ ṣalaah | قَدْقَامَتِ الصَّلٰوۃُ |
| Qad qaamatiṣ ṣalaah | قَدْقَامَتِ الصَّلٰوۃُ |
| Allaahu Akbar Allaahu Akbar | اَللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُ أَكْبَرُ |
| Laa ilaaha illallaah | لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ |

Note : Azaan-o-Iqaamat ke alfaaz jis tarteeb ke saath diye gaye hain usi tarteeb par yaad karaaye jaayen, taake azaan aur iqaamat mein saheeh maqaam par waqf ho.

نوٹ: اذان واقامت کے الفاظ جس ترتیب کے ساتھ دیے گئے ہیں اسی ترتیب پر یاد کرائے جائیں، تاکہ اذان اور اقامت میں صحیح مقام پر وقف ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| پانچویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |

## Sabaq 22 سبق ۲۲

## Iqaamat ki sunnatein اقامت کی سنتیں

1) Imaam ko aata dekh kar iqaamat shuroo karna. [Abu Daawood]

2) Ek jagah par itmenaan se khade ho kar iqaamat kehna.

3) Iqaamat ke alfaaz jaldi jaldi kehna. [Tirmzi]

4) Iqaamat ka jawaab azaan ki tarah dena, Albatta "Qad qaamatiṣ ṣalaah" ke jawaab mein "Aqaamahallaahu wa adaamahaa" kehna. [Sunan-e-Kubra]

۱) امام کو آتا دیکھ کر اقامت شروع کرنا۔ [ابوداؤد]

۲) ایک جگہ پر اطمینان سے کھڑے ہو کر اقامت کہنا۔

۳) اقامت کے الفاظ جلدی جلدی کہنا۔ [ترمذی]

۴) اقامت کا جواب اذان کی طرح دینا، البتہ " قَدْقَامَتِ الصَّلٰوۃُ " کے جواب میں "أَقَامَهَا اللّٰهُ وَأَدَامَهَا" کہنا۔ [سنن کبریٰ]

5) Iqaamat ki aawaaz sun kar fauran jamaat ki saf mein shareek ho jaana. [Musannaf ibn-e-Abdur razzaaq]

۵) اقامت کی آواز سن کر فوراً جماعت کی صف میں شریک ہو جانا۔ [مصنف ابن عبدالرزاق]

| پانچویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

## Sabaq 23

## سبق ۲۳

# Awqaat-e-Namaaz

# اوقاتِ نماز

Namaaz ko ada karne ki shart yeh hai ke jo waqt us ke liye muqarrar kiya gaya hai usi waqt mein padhi jaaye. Us waqt se pehle padhne se bilkul durust na hogi aur us waqt ke baad padhne se ada naheen balke qaza hogi. Din raat mein paanch waqt ki namaazein farz hain. Fajr, Zohr, Asr, Maghrib aur Isha.

نماز کو ادا کرنے کی شرط یہ ہے کہ جو وقت اس کے لیے مقرر کیا گیا ہے اسی وقت میں پڑھی جائے۔ اس وقت سے پہلے پڑھنے سے بالکل درست نہ ہوگی اور اُس وقت کے بعد پڑھنے سے ادا نہیں بلکہ قضا ہوگی۔ دن رات میں پانچ وقت کی نمازیں فرض ہیں۔ فجر، ظہر، عصر، مغرب اور عشاء۔

**Fajr ki namaaz ka waqt :** Subah saadiq se sooraj nikalne tak.

**فجر کی نماز کا وقت:** صبح صادق سے سورج نکلنے تک۔

**Zohr ki namaaz ka waqt :** Zawaal ke baad se har cheez ka saaya us ke do guna hone tak.

**ظہر کی نماز کا وقت:** زوال کے بعد سے ہر چیز کا سایہ اس کے دوگنا ہونے تک۔

**Asr ki namaaz ka waqt :** Zohr ka waqt khatm hone se sooraj doobne tak.

**عصر کی نماز کا وقت:** ظہر کا وقت ختم ہونے سے سورج کے ڈوبنے تک۔

# 3 - Aqaaid, Masaail
## (Masaail)

# ۳۔ عقائد، مسائل
## (مسائل)

**Maghrib ki Namaaz ka waqt:** Sooraj ke doobne ke baad se maghrib ki taraf aasmaan par rehne waali safedi ke ghaaib hone se pehle tak.

**Isha ki Namaaz ka waqt:** Aasmaan ki safedi ke ghaaib hone ke baad se subah saadiq tak.

**Makrooh awqaat:** Teen awqaat aise hain jin mein kisi bhi qism ki namaaz mamnoo' hai:

1) **Tuloo-e-Aaftaab** : Sooraj nikalne ke waqt se us ki raushni tez hone tak jo taqreeban 20 Minute ka waqt hota hai).

2) **Zawaal-e-Aaftaab** : Sooraj ke Aasmaan mein bilkul beech mein hone ke waqt yahaan tak ke dhal jaaye (Taqreeban 5 Minute).

3) **Ghuroob-e-Aaftaab:** Sooraj ke doobne ke waqt.

In ke alaawa do awqaat aise hain jin mein sirf nafl namaaz padhna makrooh hai, farz namaaz padh sakte hain.

1) Subh-e-saadiq ke baad se sooraj nikalne tak (Fajr ki sunnaton ke alaawah).
2) Asr ki namaaz ke baad se sooraj ke doobne tak.

**مغرب کی نماز کا وقت:** سورج کے ڈوبنے کے بعد سے مغرب کی طرف آسمان پر رہنے والی سفیدی کے غائب ہونے سے پہلے تک۔

**عشاء کی نماز کا وقت:** آسمان کی سفیدی کے غائب ہونے کے بعد سے صبح صادق تک۔

**مکروہ اوقات:** تین اوقات ایسے ہیں جن میں کسی بھی قسم کی نماز ممنوع ہے:

۱) **طلوعِ آفتاب:** سورج نکلنے کے وقت سے اس کی روشنی تیز ہونے تک جو تقریباً ۲۰ رمنٹ کا وقت ہوتا ہے۔

۲) **زوالِ آفتاب:** سورج کے آسمان میں بالکل بیچ میں ہونے کے وقت یہاں تک کہ ڈھل جائے (تقریباً ۵ رمنٹ)۔

۳) **غروبِ آفتاب:** سورج کے ڈوبنے کے وقت۔

ان کے علاوہ دو اوقات ایسے ہیں جن میں صرف نفل نماز پڑھنا مکروہ ہے، فرض نماز پڑھ سکتے ہیں۔

۱) صبح صادق کے بعد سے سورج نکلنے تک (فجر کی سنتوں کے علاوہ)۔
۲) عصر کی نماز کے بعد سے سورج کے ڈوبنے تک۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دستخط معلم | | تاریخ | چھٹے مہینہ میں پڑھائیں |

# 3 - Aqaaid, Masaail
(Masaail)

# ۳- عقائد، مسائل
(مسائل)

## Sabaq 24

## Juma ki Namaaz

Juma ki namaaz farz hai jo Zohr ke waqt mein padhi jaati hai.

**Namaaz-e-Juma ke waajib hone ki shartein :**

1) Mard hona. 2)Aazaad hona. 3)Tandurust hona. 4)Muqeem hona. 5)Aaqil baaligh hona.

**Namaaz-e-Juma ke saheeh hone ki shartein :**

1) Shaher, qasba ya bada gaaon hona.
2) Zohr ka waqt hona.
3) Namaaz se pehle khutba hona.
4) Imaam ke alaawah kam se kam teen aadmiyon ka hona.
5) Us jagah namaaz padhne ki aam ijaazat hona.

**Mas'alah :** Juma ki azaan sun kar tamaam kaamon ko chhod kar namaaz ke liye jaana waajib hai.

**Mas'alah :** Juma ki namaaz mein Zohar ki koi namaaz sunnat ho ya farz nahin padhi jaayegi.

**Khutba-e-Juma :** Juma mein khutba padhna waajib hai.

Jab Imaam khutbe ke liye nikle us waqt se namaaz padhna, baat karna, khaana peena, kisi ki baat ka jawaab dena, Quraan majeed padhna waghaira sab mana hai.

Khutba Arabi mein padhna sunnat hai aur doosri zabaan mein padhna makrooh hai.

Agar Juma baghair khutbe ke padha gaya to saheeh naheen hoga.

## سبق ۲۴

## جمعہ کی نماز

جمعہ کی نماز فرض ہے جو ظہر کے وقت میں پڑھی جاتی ہے۔

**نمازِ جمعہ کے واجب ہونے کی شرطیں:**

۱) مرد ہونا۔ ۲) آزاد ہونا۔ ۳) تندرست ہونا۔ ۴) مقیم ہونا۔ ۵) عاقل بالغ ہونا۔

**نمازِ جمعہ کے صحیح ہونے کی شرطیں:**

۱) شہر، قصبہ یا بڑا گاؤں ہونا۔
۲) ظہر کا وقت ہونا۔
۳) نماز سے پہلے خطبہ ہونا۔
۴) امام کے علاوہ کم سے کم تین آدمیوں کا ہونا۔
۵) اس جگہ نماز پڑھنے کی عام اجازت ہونا۔

**مسئلہ:** جمعہ کی اذان سن کر تمام کاموں کو چھوڑ کر نماز کے لیے جانا واجب ہے۔

**مسئلہ:** جمعہ کی نماز میں ظہر کی کوئی نماز سنت ہو یا فرض نہیں پڑھی جائے گی۔

**خطبۂ جمعہ:** جمعہ میں خطبہ پڑھنا واجب ہے۔

☆ جب امام خطبہ کے لیے نکلے اس وقت سے نماز پڑھنا، بات کرنا، کھانا پینا، کسی کی بات کا جواب دینا، قرآن مجید پڑھنا وغیرہ سب منع ہے۔

☆ خطبہ عربی میں پڑھنا سنت ہے اور دوسری زبان میں پڑھنا مکروہ ہے۔

☆ اگر جمعہ بغیر خطبہ کے پڑھا گیا تو صحیح نہیں ہوگا۔

Jin logon ka juma chhoot gaya ho woh alag alag zohr ada karein.

☆ جن لوگوں کا جمعہ چھوٹ گیا ہو وہ الگ الگ ظہر ادا کریں۔

## Azaan ki sunnatein

## جمعہ کی سنّتیں

1) Ghusl karna. [Bukhaari]
2) Tel aur khushbu lagaana. [Bukhaari]
3) Achchhe kapde pahenna. [Bukhaari]
4) Masjid mein jaldi pahonchne ki fikar karna. [Bukhaari]
5) Masjid mein paidal jaana. [Bukhaari]
6) Sura-e-Kahaf ki tilaawat karna. [Daarmi]
7) Kasrat se durood shareef padhna. [Abu Daawood]
8) Miswaak karna. [Bukhaari]

۱) غسل کرنا۔ [بخاری]
۲) تیل اور خوشبو لگانا۔ [بخاری]
۳) اچھے کپڑے پہننا۔ [بخاری]
۴) مسجد میں جلدی پہونچنے کی فکر کرنا۔ [بخاری]
۵) مسجد پیدل جانا۔ [بخاری]
۶) سورۂ کہف کی تلاوت کرنا۔ [دارمی]
۷) کثرت سے درود شریف پڑھنا۔ [ابوداؤد]
۸) مسواک کرنا۔ [بخاری]

| دستخط معلم | تاریخ | چھٹے مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|
| | | |

# Sabaq 25

# سبق ۲۵

## Eidain ki Namaaz

## عیدین کی نماز

Islaam ne saal mein khushi manaane ke do din rakhe hain. Ek ka naam "Eidul Fitr" hai jo Ramazaanul mubaarak ke khatm hone ke baad shawwaal ki pehli taareekh ko manaai jaati hai. Doosre ka naam "Eidul Azha" hai jo Zilhijja ki dasween taareekh ko hoti hai. In donon dinon mein bataur-e-shukraana do do rakat padhna mardon par waajib hai. In donon

اسلام نے سال میں خوشی منانے کے دو دن رکھے ہیں۔ ایک کا نام "عیدالفطر" ہے جو رمضان المبارک کے ختم ہونے کے بعد شوال کی پہلی تاریخ کو منائی جاتی ہے۔ دوسرے کا نام "عیدالاضحیٰ" ہے جو ذی الحجہ کی دسویں تاریخ کو ہوتی ہے۔ ان دونوں دنوں میں بطور شکرانہ دو دو رکعت پڑھنا مردوں پر واجب ہے۔ ان دونوں

namaazon mein na azaan hoti hai aur na iqaamat.

Jis shakhs par Juma ki namaaz waajib hai us par eid ki namaaz bhi waajib hai aur jis jagah Juma ki namaaz durust hai Eidain ki namaaz bhi durust hai.

Eidain ki namaaz ka waqt Sooraj ke buland hone se zawaal ke pehle tak rahta hai.

**Eidain ki namaaz ka tareeqa :** Pehle is tarah niyat kare ke main Eidul fitr ya Eidul Azha ki waajib namaaz, chhe zaaid waajib takbeeron ke saath is Imaam ke peechhe Allaah ke waaste padhta hoon. Phir takbeer-e-tahreema kehte huwe donon haath kaanon tak uthaaye aur baandh le. Phir sanaa padhe, phir donon haath **"Allaahu Akbar"** kehte huwe kaanon tak uthaaye aur chhod de, phir doosri martaba donon haath **"Allaahu Akbar"** kehte huwe kaanon tak uthaaye aur chhod de, phir teesri martaba donon haath **"Allaahu Akbar"** kehte huwe kaanon tak uthaaye aur baandh le, phir imaam ta'awwuz, tasmiyah, surah-e-faatiha aur surat padh kar rukoo kare, phir do sajde karne ke baad jab doosri raka'at ke liye khade hon to Imaam pehle tasmiya, Surah-e-Faatiha aur surah padhe, phir **"Allaahu Akbar"** kehte huwe donon haath kaanon tak uthaaye aur chhod de, isi tarah doosri aur

نمازوں میں نہ اذان ہوتی ہے اور نہ اقامت۔

جس شخص پر جمعہ کی نماز واجب ہے اس پر عید کی نماز بھی واجب ہے اور جس جگہ جمعہ کی نماز درست ہے عیدین کی نماز بھی درست ہے۔

عیدین کی نماز کا وقت سورج کے بلند ہونے سے زوال کے پہلے تک رہتا ہے۔

**عیدین کی نماز کا طریقہ :** پہلے اس طرح نیت کرے کہ میں عید الفطر یا عید الاضحیٰ کی واجب نماز، چھ زائد واجب تکبیروں کے ساتھ اِس امام کے پیچھے اللہ کے واسطے پڑھتا ہوں۔ پھر تکبیر تحریمہ کہتے ہوئے دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھائے اور باندھ لے۔ پھر ثنا پڑھے، پھر دونوں ہاتھ "اَللّٰهُ أَكْبَرُ" کہتے ہوئے کانوں تک اٹھائے اور چھوڑ دے، پھر دوسری مرتبہ دونوں ہاتھ "اَللّٰهُ أَكْبَرُ" کہتے ہوئے کانوں تک اٹھائے اور چھوڑ دے، پھر تیسری مرتبہ دونوں ہاتھ "اَللّٰهُ أَكْبَرُ" کہتے ہوئے کانوں تک اٹھائے اور باندھ لے، پھر امام تعوذ، تسمیہ، سورۂ فاتحہ اور سورۃ پڑھ کر رکوع کرے، پھر دو سجدے کرنے کے بعد جب دوسری رکعت کے لیے کھڑے ہوں تو امام پہلے تسمیہ، سورۂ فاتحہ اور سورہ پڑھے، پھر "اَللّٰهُ أَكْبَرُ" کہتے ہوئے دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھائے اور چھوڑ دے، اسی طرح دوسری اور

teesri martaba bhi **"Allaahu Akbar"** kehte huwe donon haath kaanon tak uthaaye aur chhod de. Phir haath uthaaye baghair rukoo ki takbeer kehte huwe rukoo mein chala jaaye aur baqiyah namaaz poori kare.

**Note :** Eidain ki chhe zaaid takbeerein waajib hain. Namaaz ke baad imaam ke liye khutba padhna sunnat hai aur muqtadiyon ke liye khutba sunna waajib hai.

**Takbeer-e-Tashreeq:**

**Allaahu Akbar Allaahu Akbar**

**laa ilaaha illallaahu**

**wallaahu Akbar Allaahu Akbar**

**walil laahil ḥamd**

Ye takbeer-e-tashreeq paanch din padhi jaati hai, Eidul Azha ke ek din pehle (Naween Zilhijjah) ki fajr se Eidul Azha ke teen din baad (Terahween Zilhijja) ki Asr tak har farz namaaz ke baad ek martaba takbeer-e-tashreeq padhna waajib hai. Farz Namaaz ke baad salaam pherte hi buland aawaaz se takbeer-e-tashreeq padhe aur agar Imaam bhool jaaye to Muqtadi zaroor padhein. neez masbooq apni chooti hui rakaton ko ada karne ke baad qadre buland aawaaz se padhe.

تیسری مرتبہ بھی ”اَللّٰہُ أَکْبَرُ“ کہتے ہوئے دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھائے اور چھوڑ دے۔ پھر ہاتھ اُٹھائے بغیر رکوع کی تکبیر کہتے ہوئے رکوع میں چلا جائے اور بقیہ نماز پوری کرے۔

نوٹ: عیدین کی چھ زائد تکبیریں واجب ہیں۔ نماز کے بعد امام کے لیے خطبہ پڑھنا سنت ہے اور مقتدیوں کے لیے خطبہ سننا واجب ہے۔

تکبیرِ تشریق:

اَللّٰہُ أَکْبَرُ اَللّٰہُ أَکْبَرُ

لَا إِلٰہَ إِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ أَکْبَرُ

اَللّٰہُ أَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ

یہ تکبیر تشریق پانچ دن پڑھی جاتی ہے، عید الاضحیٰ کے ایک دن پہلے (نویں ذی الحجہ) کی فجر سے عید الاضحیٰ کے تین دن بعد (تیرہویں ذی الحجہ) کی عصر تک ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ تکبیر تشریق پڑھنا واجب ہے۔ فرض نماز کے بعد سلام پھیرتے ہی بلند آواز سے تکبیر تشریق پڑھے اور اگر امام بھول جائے تو مقتدی ضرور پڑھیں۔ نیز مسبوق اپنی چھوٹی ہوئی رکعتوں کو ادا کرنے کے بعد قدرے بلند آواز سے پڑھے۔

| دستخط معلم | | تاریخ | | چھٹے مہینہ میں پڑھائیں |
|---|---|---|---|---|

waale khaamosh rahein, baat cheet karna ya buland aawaaz se zikr karna ya dua, tilaawat karna makrooh hai.

والے خاموش رہیں، بات چیت کرنا یا بلند آواز سے ذکر کرنا یا دعا، تلاوت کرنا مکروہ ہے۔

| دسویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |
|---|---|---|

# Sabaq 35

## Namaaz-e-Janaazah ke masaail

**Namaaz-e-Janaazah mein do cheezein farz hain:**

1) Chaar martaba **"Allaahu Akbar"** kehna. 2) Qayaam karna yaani khade ho kar namaaz-e-janaazah padhna.

**Mas'alah** : Agar koi shakhs namaaz-e-janaazah mein khade ho kar chaar martaba sirf **"Allaahu Akbar"** kahe to namaaz ho jaaye gi.

Namaaz-e-Janaazah ke liye shart ye hai ke mayyit saamne rakhi ho aur Imaam us ke seene ke saamne khada ho.

**Namaaz-e-Janaazah mein teen cheezein masnoon hain:**

1) Allaah ta'ala ki hamd. 2) Nabi-e-akram ﷺ par durood bhejna. 3) Mayyit ke liye dua karna.

Namaaz-e-Janaazah ka masnoon aur mustahab tareeqa ye hai ke mayyit ko aage rakh kar Imaam us ke seene ke saamne khada ho jaaye, mayyit agar aurat ki hai to naaf

# سبق ۳۵

## نمازِ جنازہ کے مسائل

**نماز جنازہ میں دو چیزیں فرض ہیں:**

۱) چار مرتبہ "اَللّٰہُ أَکْبَرُ" کہنا۔ ۲) قیام کرنا یعنی کھڑے ہو کر نمازِ جنازہ پڑھنا۔

**مسئلہ:** اگر کوئی شخص نماز جنازہ میں کھڑے ہو کر چار مرتبہ صرف "اَللّٰہُ أَکْبَرُ" کہے تو نماز ہو جائے گی۔

نمازِ جنازہ کے لیے شرط یہ ہے کہ میت سامنے رکھی ہو اور امام اس کے سینے کے سامنے کھڑا ہو۔

**نماز جنازہ میں تین چیزیں مسنون ہیں:**

۱) اللہ تعالیٰ کی حمد۔ ۲) نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ پر درود بھیجنا۔ ۳) میت کے لیے دعا کرنا۔

نمازِ جنازہ کا مسنون اور مستحب طریقہ یہ ہے کہ میّت کو آگے رکھ کر امام اس کے سینے کے سامنے کھڑا ہو جائے، میت اگر عورت کی ہے تو ناف

ke saamne khada ho aur tamaam log mayyit ki dua-e-maghfirat ke liye namaaz-e-janaazah padhne ki niyat karein.

کے سامنے کھڑا ہو اور تمام لوگ میت کی دعاءِ مغفرت کے لیے نمازِ جنازہ پڑھنے کی نیت کریں۔

Niyat karne ke baad takbeer-e-tahreema kehte huwe donon haath kaanon tak uthaa kar **"Allaahu Akbar"** kahe aur haath baandh le, phir ṣana padhe:

نیت کرنے کے بعد تکبیر تحریمہ کہتے ہوئے دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھا کر "اَللّٰہُ أَکْبَرُ" کہے اور ہاتھ باندھ لے، پھر ثنا پڑھے:

**Subḥaanakallaahumma Wa Biḥamdika Wa tabaarakasmuka wa ta'alaa Jadduka wa Jalla Ṣanaauka Wa Laa Ilaaha Ghairuk**

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَجَلَّ ثَنَاءُكَ وَلَآ إِلٰهَ غَيْرُكَ

Phir baghair haath uthaaye doosri martaba **"Allaahu Akbar"** keh kar durood shareef padhe aur behtar ye hai ke jo durood shareef namaaz mein padha jaata hai woh padhe, us ke baad agar janaazah baaligh mard ya aurat ka ho to ye dua padhe:

پھر بغیر ہاتھ اُٹھائے دوسری مرتبہ "اَللّٰہُ أَکْبَرُ" کہہ کر دُرود شریف پڑھے اور بہتر یہ ہے کہ جو درود شریف نماز میں پڑھا جاتا ہے وہ پڑھے، اس کے بعد اگر جنازہ بالغ مرد یا عورت کا ہو تو یہ دعا پڑھے:

**Allaahummaghfir liḥayyinaa Wa mayyitinaa wa Shaahidinaa Wa Ghaaibinaa Wa Ṣagheerinaa Wa Kabeerinaa Wa Zakarinaa Wa unṣaanaa, allaahumma man aḥyaytahoo minnaa fa aḥyihee**

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا، اَللّٰهُمَّ مَنْ أَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَأَحْيِهِ

## 3 - Aqaaid, Masaail (Masaail)

## ۳- عقائد، مسائل (مسائل)

عَلَى الْإِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِيْمَانِ

**'alal Islaam, wa man tawaffaitahoo minnaa fatawaffahoo 'alal Imaan**

جس کو یہ دعا یاد نہ ہو وہ کوئی اور دعا پڑھے، پھر چوتھی مرتبہ "اَللّٰہُ اَکْبَرْ" کہہ کر پہلے داہنی پھر بائیں طرف سلام پھیرے، تکبیر اور سلام صرف امام بلند آواز سے کہے۔

Jis ko yeh dua yaad na ho woh koi aur dua padhe, phir chauthi martaba **"Allaahu Akbar"** keh kar pehle daahni phir baaein taraf salaam phere, takbeer aur salaam sirf imaam buland aawaaz se kahe.

اور اگر میت نابالغ لڑکے کی ہے تو یہ دعا پڑھے:

Aur agar mayyit na baaligh ladke ki hai to ye dua padhe:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا أَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا

**Allaahummaj 'alhu Lanaa Faraṭanw Waj'alhu Lanaa Ajranw Wa Zukhranw Waj'alhu Lanaa Shaafi'anw Wa Mushaffa'aa**

اور اگر میت نابالغ لڑکی کی ہے تو یہ دعا پڑھے:

Aur agar mayyit na baaligh ladki ki hai to ye dua padhe:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهَا لَنَا أَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهَا لَنَا شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً

**Allaahummaj 'alhaa Lanaa Faraṭanw Waj'alhaa Lanaa Ajranw Wa zukhranw Waj'alhaa Lanaa Shaafi'atanw Wa Mushaffa'ah**

| | | |
|---|---|---|
| دسویں مہینہ میں پڑھائیں | تاریخ | دستخط معلم |

خَيْرُكُمْ
مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ
(Bukhari)
The Prophet (SAW) said,
"The best among you (Muslims) are those who learn the Qur'an and teach it."

# ONLINE QURAN LEARNING ACADEMY

*Under the supervision of*

خَيْرُكُمْ
مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ
(Bukhari)
The Prophet (SAW) said,
"The best among you (Muslims) are those who learn the Qur'an and teach it."

**Hafiz-wa-Qari Mohammad Raza**, Fazil Jamia Nizamia

**Free Trail Class For Two Days**



- With affordable fee
- Flexible timings (anywhere and anytime)

**Prepaid Syllabus will be provided by us**

**Courses Offered:**

- Hiffz -e- Quran
- Tajweed
- Noorani qayeda
- Urdu lanuage
- Daily Prayers and Hadiths
- Basic Beliefs and Issues
- Funeral Prayer & Weekly spiritual gatherings.
- Arabic spoken with Quran understanding

**HURRY UP!!**
**LIMITED SEATS AVAILABLE**
on the basis of first come first serve.

Registration Details +91 9346516150 Course Details +91 9000257025